Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 13 | اتوار 18 دسمبر، 2022ء 23 جمادی الاول 1444ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 219

سولر واٹر پمپس سے دور دراز کے چھوٹے گاؤں میں پینے کا پانی میسر ہوگا جبکہ پنجاب کے دیگر اضلاع میں بھی بتدریج سولر واٹر پمپ نصب کیے جائیں گے، چودھری پرویز الٰہی

پنجاب حکومت کا بارانی علاقوں میں سولر واٹر پمپس لگانے کا فیصلہ

اجلاس میں چیف سیکرٹری پنجاب، خزانہ، پی اینڈ ڈی، مواصلات اور دیگر متعلقہ سیکریٹریز نے شرکت کی، صوبے کے مختلف اضلاع میں 500 سولر واٹر پمپس لگانے کی منظوری دی

وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ سولر واٹر پمپس کی تنصیب سے پہلے مرحلے میں 2270 ایکڑ اراضی کے لئے پانی میسر ہوگا، سولر واٹر پمپ 1 کا شتکار یا 10 مختلف کا شتکار مل کر بھی لگوا سکیں گے

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب حکومت نے بارانی علاقوں میں سولر واٹر پمپس لگانے کا فیصلہ کر لیا، سولر واٹر پمپ کی تنصیب سے پہلے مرحلے میں 2270 ایکڑ اراضی کے لئے پانی میسر ہوگا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا جس میں سولر واٹر پمپ پروگرام پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا، اجلاس میں چیف سیکرٹری پنجاب، خزانہ، پی اینڈ ڈی، مواصلات اور دیگر متعلقہ سیکریٹریز نے شرکت کی، اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی نے صوبے کے مختلف اضلاع میں 500 سولر واٹر پمپس لگانے کی منظوری دی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ سولر واٹر پمپس کی تنصیب سے پہلے مرحلے میں 2270 ایکڑ اراضی کے لئے پانی میسر ہوگا، سولر واٹر پمپ 1 کا شتکار یا 10 مختلف کا شتکار مل کر بھی لگوا سکیں گے، سولر واٹر پمپس سے دور دراز کے چھوٹے گاؤں میں پینے کا پانی میسر ہوگا جبکہ پنجاب کے دیگر اضلاع میں بھی بتدریج سولر واٹر پمپ نصب کیے جائیں گے۔

گورنر پنجاب بلیغ الرحمان سے یو ایس قونصل جنرل ولیم میکانیولے کی ملاقات

صوبہ پنجاب اور امریکی ریاست کیلی فورنیا کو سسٹر سٹیٹ قرار دینے کے معاہدے میں پیشرفت بارے گفتگو

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان سے یو ایس قونصل جنرل ولیم میکانیولے نے ملاقات کی۔ اس موقع پر امریکی قونصلیٹ کی پولیٹیکل اینڈ اکنامکس چیف یتھلین لیبلسگو بھی موجود تھیں۔ ملاقات کے دوران (بقیہ نمبر 3)

ملک ڈیفالٹ کر چکا، بدنامی کے ڈر سے اعلان نہیں کر رہے، مسرت جمشید

سفارت خانوں کے پاس تنخواہوں کے پیسے نہیں، ایٹمی ملک کی اس حالت کی ذمہ دار امپورٹڈ حکومت ہے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) ترجمان وزیر اعلیٰ و پنجاب حکومت مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ ملک ڈیفالٹ کر چکا، بدنامی کے ڈر سے اعلان نہیں کر رہے، سفارت خانوں کے پاس تنخواہوں کے پیسے نہیں، ایک ایٹمی (بقیہ نمبر 2)

گجرات میں مسلمانوں کا قتل عام، پاکستان بھارتی وزارت خارجہ کا بیان مسترد کر دیا

حقیقت یہ ہے گجرات کی قتل و غارت میں ملوث افراد عدالتی انصاف سے بچ گئے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان نے گجرات میں ہونے والے مسلمانوں کے قتل عام کے حوالے سے بھارتی وزارت خارجہ کا بیان مسترد کر دیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے (بقیہ نمبر 1)

لاہور: وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر و مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما میاں جاوید لطیف ملاقات کر رہے ہیں

عوام کا اعتماد توڑنے والے اب اسمبلیاں توڑ رہے ہیں، مقصد سیاسی عدم استحکام پیدا کرنا ہے، پاکستان کے عوام کی حالت پر رحم کریں

سرکاری کی کوشش ہے پاکستان ڈیفالٹ کر جائے، ایسا نہیں ہونے دیں گے

شہباز شریف

عوام کی زندگیوں سے یہ زہر ختم کرنے دیں، رکاوٹیں مت کھڑی کریں، سیاسی استحکام اور میثاق معیشت ہی پاکستان کی قومی سلامتی کو مضبوط کر سکتے ہیں

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر سے) وزیر اعظم شہباز شریف نے عوام کو مہنگائی سے نجات دلانے کیلئے سیاسی استحکام کو بنیادی شرط قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ، کسی کی کوشش ہے کہ پاکستان ڈیفالٹ کر جائے تو ایسا نہیں ہوگا، نہ کرنے دیں گے۔ اپنے بیان میں وزیر اعظم نے کہا کہ پاکستان سے وفاداری اور دوستی کا تقاضا ہے کہ ملک میں معاشی استحکام ہو، کسی کی کوشش ہے کہ پاکستان ڈیفالٹ کر جائے تو ایسا نہیں ہوگا، نہ کرنے دیں گے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ معیشت کی بنیادوں میں بارودی سرنگیں بچھانے والے اب سیاسی نظام کی بنیادوں (بقیہ نمبر 6)

ن لیگ کا وزیر اعلیٰ پنجاب، اسپیکر کے خلاف تحریک عدم اعتماد لانے کا فیصلہ

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) مسلم لیگ ن نے وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی اور اسپیکر سبطین خان کے خلاف تحریک عدم (بقیہ نمبر 5)

راولپنڈی، خاتون کو زخمی کرنے کے مقدمہ میں ملوث اشتہاری مجرم گرفتار

اشتہاری مجرم نے اپنی ساتھی خواتین کے ہمراہ واردات کے دوران فائرنگ کر کے خاتون کو زخمی کر دیا تھا

راولپنڈی (حاجی ندیم سے) صدر واہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے رابری کی واردات کے دوران خاتون کو زخمی کرنے کے مقدمہ میں ملوث اشتہاری مجرم کو (بقیہ نمبر 4)

وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کے تیر نے مودی کو گھائل کر دیا ہے، نیئر حسین بخاری

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی سید نیر حسین بخاری نے کہا ہے کہ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کے تیر نے مودی کو گھائل کر دیا ہے۔ (بقیہ نمبر 27)

پنجاب کابینہ اجلاس میں تلخی، صوبائی وزیر حسنین بہادر دریشک مستعفی

صوبائی وزیر حسنین بہادر دریشک کی وزیر اعلیٰ پنجاب سے تلخی کلامی ہوئی تھی، ذرائع

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پنجاب کابینہ کے اجلاس میں تلخی کے بعد صوبائی وزیر سردار حسنین بہادر دریشک وزارت سے مستعفی ہو گئے۔ ذرائع کے مطابق جمعہ کے روز پنجاب کابینہ کے اجلاس میں صوبائی وزیر حسنین بہادر دریشک کی وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی سے تلخی کلامی ہوئی، صوبائی وزیر احتجاجاً کابینہ اجلاس سے اٹھ کر چلے گئے۔ اجلاس میں (بقیہ نمبر 28)

توشہ خانہ سے فرصت ملے تو ملک کی تباہی پر نظر دوڑالیں، عمر سرفراز چیمہ

قوم جانتی ہے عمران خان واحد صادق و امین اور وطن کے مخلص رہنما ہیں، مشیر داخلہ پنجاب

عمران خان نے جو بھی تحائف توشہ خانہ سے لئے وہ قانون و ضابطے کے تحت لئے ہیں، قوم جانتی ہے

لاہور (این این آئی) مشیر داخلہ و اطلاعات پنجاب عمر سرفراز چیمہ نے کہا ہے کہ توشہ خانہ سے فرصت ملے تو ملک کی تباہی پر نظر دوڑالیں، حکومت معاشی تباہی سے توجہ ہٹانا چاہتی ہے، امپورٹڈ حکومت میں ہمت ہے تو توشہ خانہ کی تفصیلات سامنے لائے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ قوم جانتی ہے کہ عمران خان واحد صادق و امین اور وطن کے مخلص رہنما ہیں، امپورٹڈ کو فی (بقیہ نمبر 7)

لاہور: گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان سے امریکن قونصل جنرل ولیم میکانیولے ملاقات کر رہے ہیں

عمران خان کا شوق ایسا پورا کریں گے کہ انہیں لگ پتہ جائے گا، عظمیٰ بخاری

وفاقی وزراء جے آئی ٹی کے سامنے کیوں پیش ہوں گے، جے آئی ٹی کو بلانا ہے تو پرویز الٰہی کو بلائے جن کے ضلع میں ڈرامہ ہوا

نواز شریف جلد واپس آئیں گے، آئندہ انتخابی مہم کی قیادت ہر صورت میں نواز شریف اور مریم نواز نے ہی کرنی ہے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان مسلم لیگ (ن) پنجاب کی سیکرٹری اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ ہم الیکشن کے لئے تیار ہیں اور عمران خان کا شوق ایسا پورا کریں گے کہ انہیں لگ پتہ جائے گا، وفاقی وزراء وزیر آباد واقعہ کی جے آئی ٹی کے سامنے کیوں پیش ہوں گے، جے آئی ٹی کو بلانا ہے تو پرویز الٰہی کو بلائے جن کے اپنے ضلع میں یہ ڈرامہ ہوا، پہلے یہ پتہ کر لیں عمران خان کو گولیاں لگی (بقیہ نمبر 26)

رائے ونڈ، شادی کے تنازعہ پر بدبخت نے ماں اور بہن کو گلا دبا کر قتل کر دیا

رائے ونڈ (این این آئی) رائیونڈ میں شادی کے تنازعہ پر بدبخت بیٹے نے ماں اور بہن کو گلا دبا کر قتل کر دیا، پولیس نے بروقت کارروائی کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا، فرانزک ماہرین کی مدد سے شواہد اکٹھے کرنے کے بعد لاشوں کو مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ قتل ہونے والی خواتین کی شناخت ملزم کی والدہ اصغری بی بی اور بہن ماہ نور کا ناموں سے ہوئی ہے جنہیں ملزم نے گلا دبا (بقیہ نمبر 24)

نواز شریف جنوری میں پاکستان واپس آ رہے ہیں، میاں جاوید لطیف

پنجاب، خیبر پختونخواہ اسمبلیوں کے طوطے میں عمران خان کی جان ہے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر و مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما میاں جاوید لطیف نے کہا ہے کہ نواز شریف جنوری میں پاکستان واپس آ رہے ہیں، پنجاب اور خیبر پختونخواہ اسمبلیوں کے طوطے میں عمران خان کی جان ہے، جو اسمبلیاں اسے پال رہی ہیں ان کے تحلیل ہونے سے اس کی پرتعیش زندگی بھی ختم ہو جائے گی، انتخابات پر قوم کے اربوں کھربوں خرچ ہوتے ہیں، عمران خان اسمبلیاں توڑے اور پھر اپنے خلاف زیر التواء مقدمات کا فیصلہ آنے دے، ان کے کرتوت عوام کے سامنے آئے بغیر اربوں کھربوں کے اخراجات سے انتخابات نہیں ہونے چاہئیں، جسٹس شوکت صدیقی جو تین اداروں کی بات کر گئے ہیں ان میں بیٹھے لوگ جو عمران خان کی سہولت کاری کرتے رہے جو عمران خان کا بت تراشتے رہے انہیں بھی کٹہرے میں لانا چاہیے کیونکہ اس کے بغیر کبھی بھی پاکستان آگے بڑھ سکتا ہے اور (بقیہ نمبر 25)

حنا پرویز اور ڈاکٹر عفان کی پیزا پر دلچسپ نوک جھونک

ڈاکٹر صاحب سموسے کی ویڈیو وائرل ہونے کے بعد آپ کچھ زیادہ فری نہیں ہو گئے، لیگی رہنماء

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کی رہنما حنا پرویز بٹ اور مرغن غذاؤں کے نقصانات پر بات کرنے کے لیے مشہور ڈاکٹر محمد عفان قیصر کی سوشل میڈیا پر دلچسپ نوک جھونک سامنے آئی ہے۔ ڈاکٹر محمد عفان قیصر گزشتہ ماہ سموسے کے نقصانات پر بنائی گئی ایک ویڈیو کے ذریعے خوب وائرل ہوئے تھے۔ اب انہوں نے ہر دل پسند غذا پیزا پر تنقید اور اس کے کھانے سے نقصانات گنواتے ہوئے اسے انسانی صحت پر ڈرون اٹیک کے مترادف قرار دیا ہے جو کہ حنا پرویز کو کچھ خاص نہیں بھایا۔ حنا پرویز نے ٹوئٹر پر ڈاکٹر عفان کی اس ویڈیو کو ری ٹوئٹ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ڈاکٹر صاحب سموسے کی ویڈیو وائرل ہونے کے بعد آپ کچھ زیادہ فری نہیں ہو گئے، اب ڈرون اٹیک اور ایٹم بم سے نکل آئیں۔ جس پر ڈاکٹر عفان نے بھی جواب دیا ہے۔ شکریہ میڈم حنا، اصل مقصد لوگوں کو صحیح صحت آگاہی دینا ہے، اگلا (بقیہ نمبر 9)

فرح ناز اکبر کی اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل ڈاکٹر مہر لیاقت سے پارٹی کے مرکزی آفس میں ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) خواتین ونگ فیڈرل کیپٹل اسلام آباد کی صدر فرح ناز اکبر نے ہفتہ کو پارٹی کے مرکزی دفتر میں پارٹی کے مرکزی اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل ڈاکٹر مہر لیاقت سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ڈاکٹر مہر لیاقت نے پارٹی کے سیاسی امور اور خصوصاً پارٹی میں خواتین ونگ کے کردار کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات میں خواتین کا کردار بہت اہم ہے اور پاکستان مسلم لیگ (ن) خواتین (بقیہ نمبر 8)

''بدلو اسلام آباد، کپتان کے سنگ''

تحریک انصاف کا اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات کیلئے لوگو جاری

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان تحریک انصاف نے اسلام آباد کے بلدیاتی انتخابات کے لیے لوگو جاری کر دیا۔ تحریک انصاف کے لوگو کا بنیادی تھیم بدلو اسلام آباد، کپتان کے سنگ رکھا گیا ہے۔ لوگو میں عمران خان کی تصویر کے ساتھ فیصل مسجد کو دکھایا گیا ہے۔ پی ٹی آئی لوگو کو سبز اور سرخ رنگوں کے امتزاج سے بنایا گیا ہے۔ واضح رہے کہ الیکشن کمیشن (بقیہ نمبر 10)

وزیر اعظم شہباز شریف کا یہ فیصلہ عوام دوست سوچ کی عکاس ہے، جمشید اختر شیخ

ملکی دیوالیہ پر خوش ہونے والوں کی دماغی سوچ دیوالیہ ہو چکی ہے، مسلم لیگی رہنما

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی مرکزی مجلس عاملہ کے رکن و مسلم لیگ (ن) اسلام آباد ٹریڈرز ونگ کے صدر جمشید اختر شیخ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی قائد نواز شریف اور وزیر اعظم شہباز شریف کا یہ فیصلہ قابل ستائش اور عوام دوست سوچ کی عکاس ہے، مہنگائی بے روزگاری (بقیہ نمبر 11)

نئی حلقہ بندیاں ڈیجیٹل مردم شماری کے حتمی نتائج سے قبل ممکن نہیں، الیکشن کمیشن

آئین کے آرٹیکل 51(5) کے تحت حلقہ بندیوں کیلئے مردم شماری کے حتمی طور پر شائع شدہ ڈیٹا کی ضرورت ہے، عہدیدار

پہلے الیکشن کمیشن کا مطالبہ تھا کہ مردم شماری کے حتمی نتائج 31 دسمبر 2023 تک فراہم کر دیے جائیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) نے کہا ہے کہ 31 مارچ 2023 تک پہلی ڈیجیٹل مردم شماری کے حتمی نتائج آنے سے قبل نئی حلقہ بندیاں ممکن نہیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق باخبر ذرائع نے بتایا کہ اندرون خانہ مذاکرات کے بعد مذکورہ مشق کے لیے درکار کم سے کم وقت کت تخمینے کے مطابق لیے گئے اس فیصلے وفاقی حکومت کو بھی آگاہ کر دیا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ الیکشن کمیشن میں اس حوالے سے منعقدہ اجلاس میں تمام سرگرمیوں کے لیے درکار کم سے کم وقت کا تخمینہ لگایا گیا اور بیک وقت متعدد سرگرمیوں کے آغاز کے امکانات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اسپیشل سیکریٹری الیکشن کمیشن ظفر اقبال حسین کے دستخط کے ساتھ سیکریٹری وزارت منصوبہ بندی کو بھیجے گئے خط میں کہا گیا کہ ڈیجیٹل مردم شماری کے باضابطہ نتائج 31 مارچ 2023 یا اس سے قبل فراہم نہ کیے گئے تو الیکشن کمیشن (بقیہ نمبر 12)

نواز اور زرداری نے توشہ خانہ سے قیمتی گاڑیاں ہڑپ کیں

فیاض چوہان

چوہدری شجاعت نے نو، جنرل مشرف نے 515 تحائف جبکہ شوکت عزیز نے 1126 تحائف توشہ خانہ سے لئے

نواز شریف نے قیمتی قالین توشہ خانہ سے 50 روپے میں لیا، ترجمان وزیر اعلیٰ پنجاب کی پریس کانفرنس پر پریس ریلیز

راولپنڈی (نامہ نگار) ترجمان وزیر اعلیٰ پنجاب فیاض الحسن چوہان نے کہا ہے کہ نواز شریف اور آصف علی زرداری نے توشہ خانہ سے غیر قانونی طور پر بی ایم ڈبلیو گاڑیاں ہڑپ کیں مگر انکی حکومت میں عمران خان کی توشہ خانہ سے قانونی طور پر حاصل کئے گے تحائف کے حوالے سے کردار کشی کی جا رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے اپنے پبلک سیکرٹریٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کی۔ انہوں نے کہا قانون کے مطابق کوئی حکمران دوست ممالک سے تحفہ میں ملی ہوئی گاڑی اور نوادرات توشہ خانہ سے نہیں حاصل کر سکتا مگر نواز شریف اور آصف علی زرداری نے اپنے ادوار حکومت میں توشہ خانہ سے قیمتی گاڑیاں حاصل۔ یہ بات انہوں نے اپنے پبلک سیکرٹریٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کی۔ انہوں نے کہا قانون کے مطابق کوئی حکمران دوست ممالک سے تحفہ میں ملی ہوئی گاڑی اور نوادرات توشہ خانہ سے نہیں حاصل کر سکتا۔

لاہور: ڈائریکٹر جنرل لاہور عامر احمد خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

راولپنڈی: ترجمان وزیر اعلیٰ پنجاب فیاض الحسن چوہان پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

وزاعظم اور وزیر خزانہ کا مثبت اقدامات ہے، ایم ساجد عباسی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) سٹی کے جنرل سیکرٹری و سابق چیئرمین میٹروپولیٹن کارپوریشن اسلام آباد ایم ساجد عباسی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ریلیف امید افزاء ہے، وزاعظم شہباز شریف اور وزیر خزانہ اسحٰق ڈار کے مثبت اقدامات کا خیر مقدم کرتے ہیں، اس سے ملکی معیشت کو بحرانوں سے باہر نکلنے میں مدد ملے گی، مسلم لیگ (ن) ملکی تعمیر و ترقی و خوشحالی کا نام ہے، عوام کی مشکلات (بقیہ نمبر 23)

راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے والے 6 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 6 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان سے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر کے مقدمات (بقیہ نمبر 22)

راولپنڈی، 6 ملزمان گرفتار، چرس اور ہیروئن برآمد، مقدمات درج

منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے گا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان سے چرس اور ہیروئن برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے ملزم وسیم سے 15 گرام ہیروئن، نصیر آباد پولیس نے ملزم ادریس سے 180 گرام چرس، ملزم (بقیہ نمبر 21)

راولپنڈی پولیس میں کڑے احتساب کا عمل جاری

بدعنوانی کی شکایات پر سب انسپکٹر کو محکمانہ کارروائی کے بعد عہدے میں تنزلی کا حکم دیا

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس میں کڑے احتساب کا عمل جاری ہے، سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری نے ناقص کارکردگی اور بدعنوانی کی شکایات پر سب انسپکٹر کاشف اقبال کو محکمانہ کارروائی کے بعد عہدے میں تنزلی کا حکم دیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس میں کڑے احتساب کا عمل جاری ہے، سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری نے (بقیہ نمبر 14)

سی ڈی اے نے 2 سیکٹرز کے کام کی تکمیل کے لیے بھاری فنڈز مختص کئے ہیں

اتھارٹی ان سیکٹرز میں عوامی سہولتوں کی فراہمی کے لیے پوری کوشش کر رہی ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی ترقیاتی ادارہ (سی ڈی اے) نے رہائشیوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے اسلام آباد کے سیکٹرز آئی ایلون اور آئی بارہ سیکٹر میں ترقیاتی کاموں کی تکمیل کے لیے پہلے ہی بھاری فنڈز مختص کر رکھے ہیں۔ میڈیا (بقیہ نمبر 15)

پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل (PARC) اور سینٹر فار ایگریکلچر اینڈ بائیو سائنس انٹرنیشنل (CABI) پاکستان نے مشترکہ طور پر قومی زرعی تحقیقی مرکز میں پلانٹ وائز پلس پروگرام کا آغاز

راولپنڈی کی شاہراؤں سے مزید 34 بھکاری تھانے منتقل

خصوصی بیگر سکواڈ بھرپور محنت کر رہا ہے، سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری

راولپنڈی (نمائندہ) راولپنڈی پولیس نے پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے 34 بھکاری گرفتار کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری کے احکامات پر انچارج بیگر اسکواڈ نے اپنی اپنی ٹیموں کے (بقیہ نمبر 19)

سمسیاتی تبدیلی زرعی شعبے کو متاثر کرنے والا ایک اہم عنصر بن گئی، ڈاکٹر غلام

آبادی میں تیزی سے اضافے کی وجہ سے پاکستان کو خوراک اور فائبر کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے چیلنجز کا سامنا ہے

پلانٹ وائز پلس پروگرام سے تصدیق شدہ تشخیص کسانوں کے لیے مددگار ثابت ہوگی، ڈاکٹر بابر احسان باجوہ، سینئر ریجنل ڈائریکٹر ایشیا CABI

اسلام آباد (نامہ نگار) پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل (PARC) اور سینٹر فار ایگریکلچر اینڈ بائیو سائنس انٹرنیشنل (CABI) پاکستان نے مشترکہ طور پر قومی زرعی تحقیقی مرکز میں پلانٹ وائز پلس پروگرام کا آغاز کیا تاکہ خوراک کی پیداوار کے مزید پائیدار طریقوں کے ذریعے پاکستان میں غذائی تحفظ کو بہتر بنانے میں مدد ملے۔ لانچ کی تقریب میں صوبائی زرعی محکموں، توسیعی و ریسرچ ونگز کے علاوہ قومی اور صوبائی زرعی اداروں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر وائس چانسلرز، ڈینز اور سینئر مینجمنٹ اور پرائیویٹ سیکٹر کے نمائندے بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر ڈینیئل ایلگر، سی ای او۔ CABI نے بھی عملی طور پر تقریب میں شرکت کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی چیئرمین پاکستان ایگریکلچرل ریسرچ کونسل ڈاکٹر غلام محمد علی نے اپنے افتتاحی کلمات میں کہا کہ زراعت کو درپیش متحرک چیلنجز سے نمٹنے اقدامات کے (بقیہ نمبر 20)

پنجاب فورڈ آتھارٹی کا بھرپور ایکشن

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پنجاب فورڈ آتھارٹی کا صحت کے اصولوں کے خلاف اشیاء خوردونوش کی فروخت و تیاری کرنے والوں کیخلاف بھرپور ایکشن۔ ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ہدایت پر پنجاب صوبہ بھر میں آج تک 632 سکول کینٹینوں کی چیکنگ کی گئی۔ جہاں قوانین کی خلاف ورزیوں پر 97 کنٹینز کو جرمانے، ناقص آئل کے استعمال پر 1 سکول کینٹین سیل کر دی گئی جبکہ (بقیہ نمبر 13)

لاہور: سیکرٹری اطلاعات آصف بلال لودھی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

راولپنڈی، آٹا سمگل کرنے کی کوشش ناکام، 2 گاڑیاں ضبط

راولپنڈی (این این آئی) نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کارروائیاں کرتے ہوئے آٹے سے لدی 2 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا کر 452 تھیلے (بقیہ نمبر 17)

راولپنڈی، آتش بازی کا سامان لے کر جانیوالے 2 ملزمان گرفتار

ملزمان سے بھاری مقدار میں سامان آتش بازی برآمد، مقدمہ درج

راولپنڈی (این این آئی) کنجمنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے آتش بازی کا سامان لے کر جانے والے 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان سے بھاری مقدار میں سامان آتش بازی برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا۔ تفصیلات (بقیہ نمبر 16)

عمران خان پر حملہ تحقیقات وفاقی وزراء جے آئی ٹی میں پیش نہ ہوئے

جے آئی ٹی نے تین وفاقی وزراء وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ، وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب اور جاوید لطیف کو جے آئی ٹی میں طلب کیا تھا

جے آئی ٹی سیاسی بنیاد پر لیگی رہنماؤں کو طلب کر رہی ہے، حملہ کیس سے تینوں رہنماؤں کا کوئی تعلق نہیں، ذرائع (ن) لیگ

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین و سابق وزیر اعظم عمران خان پر حملہ تحقیقات میں وفاقی وزراء رانا ثنا اللہ، مریم اورنگزیب اور جاوید لطیف جوائنٹ انویسٹی گیشن ٹیم میں پیش نہ ہوئے۔ ذرائع کے مطابق عمران خان پر وزیر آباد میں ہونے والے قاتلانہ حملے کی تحقیقات کے لیے پنجاب حکومت کی تشکیل کردی جے آئی ٹی نے تین وفاقی وزراء وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ، وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب اور جاوید لطیف کو جے آئی ٹی میں طلب کیا تھا۔ جے آئی ٹی نے نوٹس بذریعہ ایس ایچ او تھانہ سٹی وزیر آباد کے ذریعے جاری کیا تھا جس میں انہیں ہفتے کے روز دن 11 بجے سی سی پی او آفس لاہور ان کے بیانات قلمبند کرانے کے لے بلایا گیا تھا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ (ن) لیگی قیادت نے تینوں وفاقی وزراء کو جے آئی ٹی میں پیش نہ ہونے کی ہدایت کی جس کے بعد رانا ثنا، مریم اورنگزیب اور جاوید (بقیہ نمبر 18)

عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ریاست کے ستون

متقنہ، عدلیہ، انتظامیہ اور میڈیا، وہ بنیادی ستون ہیں جن پر کسی مملکت کی عمارت استوار ہوتی ہے۔ یہ بنیادی ستون ریاست کو بادِ مخالف کے تھپیڑوں سے بچانے میں ہمہ وقت وہمہ تن مصروفِ کار رہتے ہیں۔ اگر کسی ایک ستون میں بھی ضعف پیدا ہو جائے تو یہ عمارت متزلزل ہو جاتی ہے۔ جہاں چاروں ستون ہی ضعف کی انتہاں کو چھو رہے ہوں وہاں مملکت کا قائم رہنا کسی معجزے سے کم نہیں ہوتا۔ پاکستان کی تشکیل اگر کسی معجزے سے کم نہیں تو اِس کا قائم رہنا بھی معجزہ ہی ہے کیونکہ حالت یہ کہ اِس کے کسی بھی ستون کی کارکردگی لائقِ تحسین نہیں۔ یہ وہ مملکتِ خداداد ہے جہاں مایوسیوں کے گھٹا ٹوپ اندھیروں میں قوم کی حالت اِس نہج پر آن پہنچی ہے کہ

منصورِ حقیقت کو سرِ دار نہ دیکھا
اچھا ہے کہ آج کا اخبار نہ دیکھا

متقنہ وہ مجلس ہوتی ہے جو قوانین بناتی، اِس میں ترمیم کرتی یا قانون کو ختم کر سکتی ہے۔ پارلیمانی نظامِ حکومت میں پارلیمنٹ ہی وہ جگہ ہوتی ہے جہاں قانون سازی کی جاتی ہے۔ ہمارے ہاں 90 فیصد سے زائد پارلیمنٹیرینز نے تو شاید آئین کی کتاب کو کھول کر بھی نہیں دیکھا ہوگا۔ یہاں آپ کو ایسے کئی انگوٹھا چھاپ اور لوٹے مل جائیں گے جو اپنی دولت اور ذات برادری کے بل پر پارلیمنٹ میں پہنچتے ہیں۔ ایسے پارلیمنٹیرینز کو الیکٹیبلز یا بالفاظِ دیگر جیتنے والے گھوڑے بھی کہا جاتا ہے اور ان کی ہر سیاسی جماعت میں بہت مانگ ہے۔ کروڑوں روپے صرف کر کے جب یہ پارلیمنٹ میں پہنچتے ہیں تو اِن کے مدِنظر ملک وقوم نہیں، اپنی ذات ہوتی ہے، صرف اپنی ذات۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان میں کرپشن کی کہانیاں عام ہیں جن سے مبرا کوئی نہیں۔ استثنائی صورتیں بہرحال موجود لیکن ہر سیاسی جماعت کے سربراہ سے لے کر نیچے تک کرپشن کی داستانیں زباں زدِ عام۔

ریاست کا دوسرا بنیادی ستون عدلیہ۔ ٹرانسپیرینسی انٹرنیشنل کی تازہ ترین رپورٹ کے مطابق پولیس اور عدلیہ پاکستان کے کرپٹ ترین ادارے۔ ارضِ وطن میں عدل کی تاریخ کبھی بھی لائقِ تحسین نہیں رہی۔ 1954 سے اب تک ہماری عدلیہ نظری ضرورت کے گھنے پیڑ کی چھاں میں پل بڑھ کے جوان ہوئی۔ پاکستان میں نظری ضرورت کے خالق جسٹس منیر نے 1954 میں اِسی نظریے کو بروئے کار لا کر گورنر جنرل غلام محمد کے پارلیمنٹ کی تحلیل کے حق کو جائز قرار دیا۔ ایوب خاں کا مارشل لا ہو یا ضیاالحق کا، سبھی اِسی نظری ضرورت کی پیداوار ہیں۔ 12 اکتوبر 1999 کو جنرل پرویز مشرف نے میاں نواز شریف کی آئینی حکومت کا تختہ الٹا تو اِسی نظری ضرورت کی تلوار نے جمہوریت کا گلا کاٹا اور عدالت نے آمر پرویز مشرف کو فوج کی مداخلت کے دن یعنی 12 اکتوبر 1999 سے لے کر 3 سال کا عرصہ دیا تاکہ وہ اپنے مقاصد حاصل کر سکے۔

عدلیہ بحالی تحریک کے بعد خیال تو یہی تھا کہ نظری ضرورت ہمیشہ کے لیے دفن ہو گیا لیکن خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا، جو سنا افسانہ تھا۔ 2008 سے 2018 تک کے عشرے میں اِسی عدلیہ نے پیپلز پارٹی کے منتخب وزیرِاعظم یوسف رضا گیلانی کو گھر بھیجا اور نواز لیگ کے 3 بار کے منتخب وزیرِاعظم میاں نواز شریف کو تاحیات نااہل قرار دیا۔ میاں نواز شریف کی نااہلی کا فیصلہ کسی لطیفے سے کم نہیں۔ انہیں جولائی 2017 میں اِس بنیاد پر نااہل قرار دیا گیا کہ انہوں نے اپنے بیٹے سے 10 ہزار درہم ماہانہ تنخواہ نہیں لی لیکن لے تو سکتے تھے۔ اِس لیے تنخواہ نہ لینے کا ڈیکلیریشن ضروری تھا۔ اِس بنیاد پر آرٹیکل 62-1F کے تحت انہیں تاحیات نااہل قرار دیا جاتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ جب میاں نواز شریف نے تنخواہ کا ایک پیسہ بھی وصول نہیں کیا تو پھر ڈیکلیریشن کیسی؟۔

4 اکتوبر 2022 کو معزز سپریم کورٹ نے فیصل واوڈا تاحیات نااہلی کیس کی سماعت کرتے ہوئے محترم چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے تاحیات نااہلی کو کالا قانون قرار دیا۔ بعد ازاں فیصل واوڈا کی تاحیات نااہلی کو موجودہ قومی اسمبلی کی مدت مکمل ہونے تک محدود کر دیا گیا۔ انتہائی محترم چیف جسٹس صاحب کا تاحیات نااہلی کو کالا قانون قرار دینا سبھی کو حیران کر گیا۔ کیونکہ 2018 میں چیف جسٹس ثاقب نثار کی سربراہی میں 5 رکنی بنچ تشکیل دیا گیا جس میں آرٹیکل 62-1F کے تحت تاحیات نااہلی کی مدت کا تعین مقصود تھا۔ اِس بنچ کے فیصلے کے مطابق چونکہ آرٹیکل 62-1F میں نااہلی کی مدت کا تعین نہیں کیا گیا اِس لیے نااہلی تاحیات ہوگی۔ محترم جسٹس عمر عطا بندیال اس 5 رکنی بنچ کا حصہ تھے اور انہوں نے ہی یہ فیصلہ تحریر کیا تھا۔ اِس کے علاوہ جہانگیر ترین کی تاحیات نااہلی کے کیس میں بھی محترم جسٹس عمر عطا بندیال 3 رکنی بنچ کا حصہ تھے لیکن اس وقت کسی کو یاد نہیں رہا کہ تاحیات نااہلی ظالمانہ قانون ہے۔ آرٹیکل 63-A کے صدارتی ریفرنس کی تشریح میں بھی مختلف اوقات میں 2 متضاد فیصلے سامنے آئے۔ اِس کے علاوہ بھی ہماری معزز عدلیہ کے کئی متنازع فیصلے سامنے آتے رہتے ہیں جن کی اِس مختصر کالم میں گنجائش نہیں۔ اِس لیے آگے بڑھتے ہیں۔

جب میں ایک ٹرک میں پھنس گیا تھا

کاشف فاروق

میں ریالہ خورد گاؤں کے ایک متوسط طبقے کے لوگوں کے رہائشی علاقے میں رہتا ہوں۔ میں آپ کو اپنی آپ بیتی تیئیس سال بعد سنانے جا رہا ہوں جب میں چھوٹا تھا۔ ایک دن میری ماں نے مجھے گھر کے سامان کے بارے میں جو میرے ماموں دبئی سے لائے تھے معلومات لینے کے لیے بھیجا۔ میں ویگن میں بیٹھ کر اپنے ماموں کے پاس لاہور کوٹ لکھپت انکے گھر پہنچا۔ وہاں سے گھر کے سامان کے بارے میں دریافت کیا۔ میرے ماموں کوٹ لکھپت کی ایک مل میں کام کرتے ہیں۔ سامان کے بارے میں پوچھنے کے بعد میں وہیں سے سیدھا اپنی نانی کے گھر چلا گیا۔ وہ بھی کوٹ لکھپت میں رہتی ہیں۔ نانی مجھ سے مل کر بہت خوش ہوئیں۔ ایک دن نانی کے گھر رکنے کے بعد میں اپنے گھر ریالہ خورد جانے کے لیے باہر نکلا۔ باہر نکل کر میں نے سوچا کہ بس کا کرایہ بچانے کے لیے کسی کار سے لفٹ لینی چاہیے۔ چونکہ سفر بس والوں کے حساب سے بہت لمبا تھا اسی لیے میں نے ایک کار سے لفٹ مانگی۔ ڈرائیور نے مجھے پچھ دیکھ کر گاڑی میں بر بٹھا لیا۔ ہم کوٹ لکھپت سے ملتان روڈ مسلم ٹاؤن کے علاقے سے وحدت روڈ کے ذریعے پہنچے اور اپنی منزل کی جانب روانہ ہو گئے۔ ملتان روڈ پر چوکی کراس کرنے کے بعد بدقسمتی سے ہماری گاڑی سامنے سے موڑ کاٹ کر آنے والے ایک بڑے ٹرک سے ٹکرا گئی۔ گاڑی کا شیشہ ٹوٹ گیا۔ گاڑی کے ڈرائیور کا تو کچھ پتا نہ چل سکا کہ وہ زندہ بچا یا نہیں۔ ٹرک چونکہ گاڑی سے بڑا ہوتا ہے اسی لیے اس کا پورا بانٹ انجن سمیت کار میں گھس گیا اور میں ایک زوردار جھٹکے سے اچھل کر ٹرک کے انجن میں چلا گیا۔ گاڑی ٹرک کے بونٹ میں بری طرح پیوست ہو گئی۔ اس وقت ملتان روڈ یک طرفہ ہوا کرتی تھی۔ ٹرک ڈرائیور موقع سے ٹرک سمیت فرار ہو گیا۔ گاڑی تو وہیں رہ گئی لیکن میں انجن سے باہر نہ نکل سکا۔ اب پتا نہیں ٹرک کس سمت میں جا رہا تھا اور مجھے کس سمت جانے تھا، کچھ ہوش نہیں رہا۔ میں نے سوچا شاید ٹرک ڈرائیور نے اسکا رخ تبدیل کر لیا ہے تاکہ بھاگ سکے۔ یاد رہے کہ اس زمانے میں لاہور کی آبادی برائے نام ہی تھی۔ ہر طرف سنسان ہی سنسان رہتا تھا۔ اس وقت کوٹ لکھپت بھی ایک گاؤں کی طرح تھا۔

یہ جون کا مہینہ تھا۔ شدید گرمی کے دن تھے۔ جتنی گرمی باہر تھی اس سے کہیں زیادہ گرمی ٹرک کے انجن میں تھی۔ میری ناک اور کانوں سے خون بہنے لگا۔ تھوڑی دیر میں میرے کپڑوں میں ناک وکانوں سے نکلا خون بھرنے لگا۔ ٹرک کا ڈرائیور مسلسل ٹرک انتہائی سست رفتاری سے چلا رہا تھا کیونکہ ٹرکوں کی رفتار اس سے زیادہ نہیں ہوتی۔ وہ لاہور کی سمت جا رہا تھا۔ لیکن مجھے تو اپنے گاؤں ریالہ خورد پہنچنے تھا۔ مجھے کچھ کچھ ہوش آنے لگا۔ میں ریالہ خورد کے ایک بڑے زمیندار کے غریب مزارع کا بیٹا تھا۔ میری ناک وکانوں سے مسلسل خون بہہ رہا تھا۔ میری آنکھوں سے آنسو آنے شروع ہو گئے تھے۔ مجھے میرے ماں باپ یاد آنے لگے۔

ریکوڈیک روشن مستقبل

رویل اکبر

بلوچستان حکومت اور بیرک گولڈ کارپوریشن کے درمیان 8 ارب ڈالر کا ریکوڈک منصوبے کا تاریخی معاہدہ طے پا گیا جس پر وفاق کے نمائندے نے بھی دستخط کر دیئے یہ پاکستان کی تاریخ کا سب سے بڑا بیرونی سرمایہ کاری کا معاہدہ ہے جس کی مجموعی لاگت 8 ارب ڈالر ہے اس معاہدہ پر دستخط کے بعد پاکستان پر بین الاقوامی عدالت کی جانب سے عائد 6.5 ارب ڈالر کا جرمانہ بھی غیر موثر ہو گیا، معاہدہ 16 دسمبر 2022 سے نافذ العمل ہوگا اور معاہدے کے تحت کمپنی کام کا فوری آغاز کرے گی اس معاہدے پر بیرک گولڈ کارپوریشن کے نمائندے حکومت پاکستان کی جانب سے وفاقی نمائندے اور بلوچستان حکومت کے نمائندے نے دستخط کیے ہیں ریکوڈیک مائن سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد ایک بند مائننگ آپریشن ہے جو پاکستان کے صوبہ بلوچستان کے ضلع چاغی کے ریکوڈک قصبے کے قریب واقع ہے ریکوڈک دنیا میں تانبے اور سونے کے سب سے بڑے ذخائر میں سے ایک ہے جس کے تخمینہ کے مطابق یہاں 5.9 بلین ٹن خام دھات کے ذخائر ہیں جن میں 0.41 فیصد تانبے اور سونے کے ذخائر 41.5 ملین اونس ہیں ریکوڈک کا علاقہ ٹیتھیان میگیمیٹک آرک کا حصہ ہے جو وسطی اور جنوب مشرقی یورپ (ہنگری، رومانیہ، بلغاریہ، یونان) ترکی، ایران اور پاکستان کے ہمالیہ کے علاقے سے ہوتا ہوا میانمار، ملائیشیا، انڈونیشیا اور پاپوانیوگنی تک پھیلا ہوا ہے اس میں مختلف درجات کے تانبے اور سونے کے بڑے ذخائر موجود ہیں بیلٹ کے مشرقی اور وسطی حصے عالمی معیار کی معدنیات کی فراوانی کے لیے مشہور ہیں جیسے کہ گراسبرگ، انڈونیشیا میں باتو حجاؤ، پاپوانیوگنی میں اوکے ٹیڈی اور ایران میں سر چشمہ جبکہ مشرقی یورپ میں یہ عالمی معیار کے پورفیری/ایپیتھرمل کلسٹر کی میزبانی کرتا ہے سربیا میں مجڈ ایپیک اور حالیہ پیش رفتوں میں اسکوریز اور اولمپیا یونان، اور ترکی میں چاہلر شامل ہیں ریکوڈک کا علاقہ پہاڑوں کے چاغی آتش فشاں سلسلہ میں بہت سے کٹے ہوئے بقیہ آتش فشاں مراکز میں سے ایک ہے جو کوئٹہ تفتان ریلوے لائن اور افغانستان کے ساتھ سرحد کے درمیان بلوچستان کے اس پار مشرق ومغربی لائن میں گزرتا ہے پہلے حکومت پاکستان نے یہ معاہدہ 25 فیصد پر Tethyan Copper Company Limited ("Tethyan") TCC نے حاصل کیا تھا ٹیتھیان گروپ جنوب مغربی پاکستان میں صوبہ بلوچستان کے ضلع چاغی کی پہاڑیوں میں ریکوڈک تانبے سونے کے ذخائر کو تیار کرنے کا کام شروع کرنے ہی والا تھا کہ معاملہ عدالت چلا گیا اس وقت ریکوڈک میں معدنی وسائل کا تخمینہ 5.9 بلین ٹن ہے جس کا اوسط کاپر گریڈ 0.41% اور اوسطاً گولڈ گریڈ 0.22 گرام فی ٹن ہے۔ گروپ کا اس وسیلہ کا 37.5 فیصد حصہ 2.2 بلین ٹن بنتا تھا ٹیتھیان نے منصوبے کے حوالے سے فزیبلٹی اسٹڈی مکمل کی اور اگست 2010 میں اسے حکومت بلوچستان کو جمع کروادی 15 فروری 2011 کو ٹیتھیان نے بلوچستان کے معدنی قوانین کے مطابق مائننگ لیز کے لیے حکومت بلوچستان کو ایک درخواست جمع کرائی 15 نومبر 2011 کو حکومت بلوچستان کی طرف سے ٹیتھیان کو مطلع کیا گیا کہ حکومت نے کان کنی کی لیز کے لیے اس کی درخواست مسترد کر دی ہے ٹیتھیان نے اپنے قانونی حقوق کے تحفظ کے لیے بین الاقوامی ثالثی کے لیے درخواست دیدی اور ٹیتھیان ثالثی کی کارروائی میں کامیاب ہو گیا آئی سی ایس آئی ڈی ٹریبونل نے پاکستان اور لی سی سی کے درمیان تنازعہ اس وقت اٹھایا تھا جب مؤخر الذکر نے 8.5 بلین ڈالر کا دعویٰ کیا تھا جب بلوچستان کی مائننگ اتھارٹی نے 2011 میں صوبے میں کئی ملین ڈالر کی مائننگ لیز کے لیے اس کی درخواست مسترد کر دی تھی ٹیتھیان کی ویب سائٹ پر دستیاب تفصیلات کے مطابق ریکوڈک مائننگ پراجیکٹ تقریباً 3.3 بلین ڈالر کی لاگت سے عالمی معیار کے تانبے اور سونے کی اوپن پٹ مائن بنانا اور چلانا تھا اور بلوچستان حکومت کے ساتھ اس کے 1998 کے معاہدے نے اسے کان کنی کے لیز کا حق بھی دیا اور پھر درخواست مسترد ہونے کے بعد یہ منصوبہ نومبر 2011 میں رک گیا جبکہ پاکستانی حکام کا کہنا تھا کہ حکومت کی جانب سے کان کنی کی لیز اس لیے ختم کی گئی تھی کہ اسے غیر شفاف طریقے سے سرانجام دیا گیا تب تک کمپنی ریکوڈک میں $220 ملین کی سرمایہ کاری کر چکی تھی آسٹریلوی کان کنی کمپنی نے 2012 میں عالمی بینک کے ثالثی ٹریبونل سے مدد طلب کی اور اس نے 2017 میں پاکستان کے خلاف فیصلہ سنایا ٹریبونل نے منسوخ شدہ لیز کے نقصانات کا حساب لگانے کے لیے ایک فارمولہ استعمال کرنے کا انتخاب کیا۔

مختارِ عاقل ایسا نہ کریں

سلمان احمد قریشی

ساہیوال سے خبر ہے کہ اپنا تعارف بطور صحافی کروانے پر اسی ساہیوال برہم ہو گئے اور صحافی کو بلیک میلر کہہ کر جھاڑ دیا۔ اخبار کے مطابق واقعہ پر صحافی سراپا احتجاج ہیں۔ صحافیوں کا موقف ہے کہ انتظامیہ کا رویہ افسوسناک ہے۔ ایسا ہی ایک ناخوشگوار واقعہ اوکاڑہ میں بھی پیش آیا جب ملزم کی فوٹیج بنانے پر وکلاء نے صحافی سے موبائل چھین لیا۔ صحافت کو بلیک میلنگ قرار دیتے ہوئے صحافت پر چار چار حرف بھیجتے رہے۔ ایک فرشتہ صفت انسان نے معاملہ خوش اسلوبی سے حل کروایا۔ صحافی کی عزت بھی محفوظ رہی اور وکلاء کا وقار بھی قائم رہا۔ اس واقعہ میں چند وکلا کا رویہ قابلِ افسوس ہے جو قانون کی بات کرنے کی بجائے خبر رکوانے کے خواہش مند ہیں۔ صحافی کے کیا فرائض ہیں کیا اب یہ وکلاء سمجھائیں گے۔۔؟ اور وہ بھی غیر اخلاقی، غیر شائستہ انداز میں، یہ طاقت کا ضمم ہے یا عدم برداشت کا رویہ۔۔؟ یہ معاملہ غور طلب ہے۔ اوکاڑہ ہی سے تعلق رکھنے والے نجی چینل کے ایک اور رپورٹر نے اپنے ویڈیو پیغام میں کہا کہ سچ کیلئے اپنی صحافتی ذمہ داریاں نبھائیں اور نبھا رہا ہوں اور انشاء اللہ نبھاتا رہونگا اسکی سزا مجھے یہ دی جا رہی ہے کہ ڈی پی او اوکاڑہ ضلع بھر کے تمام تھانوں کے ایس ایچ او زکو اسکے خلاف جھوٹے، خود ساختہ مدعی بنا کر درخواستیں دلوا رہے ہیں تاکہ وہ اپنی صحافتی ذمہ داریوں سے پیچھے ہٹ جائے ضلع اوکاڑہ کے تمام ایس ایچ او اور دیگر پولیس ملازمین کی جانب سے اسے تھریٹ کرنے کیلئے ہراساں کرنے کیلئے یہ ہتھکنڈے استعمال کئے جا رہے ہیں جن سے صحافی کبھی بھی نہیں گھبراتا چاہے اسکی جان ہی کیوں نہ چلی جائے۔

بہادر خاتون صحافی صدف نعیم فرائض کی ادائیگی میں کنٹینر کے نیچے آکر ہلاک ہو گئیں۔ ارشد شریف کے ساتھ کیا ہوا۔۔؟ صحافی بم سے ہلاک ہوئے گولیاں ماری گئیں۔ روز دھمکیوں اور تشدد کا شکار بن رہے ہیں۔ کوئی تحفظ نہیں، شنوائی نہیں سرکار کی گرانٹ نہیں، عہدہ نہیں تنخواہ نہیں، یونیفارم کا رعب نہیں۔ تنظیم کے پلیٹ فارم سے ہڑتال کا اختیار نہیں۔ کسی پر تشدد میں ملوث نہیں۔ آئے روز ہڑتال کے نام پر سائل کو رسوا نہیں کرتے۔ میٹنگ کی آڑ اور اختیار کے نشہ میں کسی کو دھتکارتے نہیں۔ صرف ایک عزم ہے اور کام کی لگن ہے ایک صحافی معاشرے کا ہیرو ہے۔ صحافی کا سفر بہت کٹھن ہے۔ ناگہانی آفات وحادثات، ٹارگٹ کلنگ صحافی کی قسمت، دھونس دھمکی، گالی گلوچ لیکن صحافی نے اپنا کردار ادا کرنا ہے سو وہ کرتا رہے گا۔ صحافی ولن نہیں ہیرو ہے۔ کیوں نہ ہو موروثی اتفاقیہ دولت، خاندان، عزت شہرت حادثاتی وقار ان سب سے الگ کردار ہے۔ صحافی سرکاری عہدے یا ڈگری لے کر کوٹ پہن کر خود کو یونین سے زور آور نہیں سمجھتا۔ صحافی صرف خطروں سے گزر کر مشکلات سے لڑ کر ہی آگے بڑھ سکتا ہے۔ جہرِ مسلسل صحافی کی زندگی، محنت کی کمائی صحافی کی شان، حقائق کی دنیا، کشمکش سے بھرپور، دھکتا خون، مہکتا پسینہ، لذتِ درد سے آشنا، معاشرے کا عکاس ایک صحافی انا پرستوں کے لیے قابلِ قبول نہیں۔ خاص طور پر جب بااثر بااختیار ادارہ یا فرد اپنی ضرورت کے تحت کام کر رہا ہو، خود کو قانون یا ضابطہ کو مدِنظر رکھنا ضروری نہ سمجھتا ہو تو صحافی کے ساتھ رویہ شائستہ کیسے ہو سکتا ہے؟ جب کوئی اپنی زبان کو قانون سمجھے تو مختارِ عاقل صحافت کی تضحیک ہی کریں گے۔

راقم الحروف ان سطور میں کسی کے غلط یا صحیح ہونے پر حتمی رائے پیش نہیں کر رہا۔ معاملہ صرف اتنا ہے ان واقعات کا تسلسل اور ایسے الزامات یکسر نظر انداز بھی نہیں کئے جا سکتے ہم تو یہی گزارش کریں گے مختارِ عاقل واختیار صرف صحافیوں کو قصوروار نہ گردانیں۔ صحافی ہی ظلم کی خبر دیتا ہے کسی مظلوم کی داد رسی کی فیس نہیں لیتا۔ عام آدمی کی آواز ہے معاوضہ نہیں لیتا۔ تاریخ لیکر نہیں دیتا، اپنے خون سے تاریخ لکھتا ہے۔ ایک سرکاری افسر یا وکیل غلط کرتا ہے تو کیا صحافی پورے شعبہ کے خلاف لکھتا ہے کیا سب کو ایک ہی صف میں لا کھڑا کرتا ہے۔ نہیں ایسا نہیں، تو آپکو کس نے حق دے دیا کہ آپ صحافت پر الزام لگائیں، صحافی کو بلیک میلر کہیں۔ کسی ایک سے شکایت ہے تو اس پر قانونی راستہ اپنائیں۔ شعبہ صحافت کو بدنام کرنے یا غلط کہنے کی آپ کو کس نے اجازت دے دی۔ اگر آپکو اجازت کی ضرورت نہیں تو یاد رکھیں آپ سے طاقت ور بھی اسی معاشرہ میں موجود ہیں جب آپ کسی کے زیرِ عتاب آئیں گے پھر آزادیٔ صحافت کی اہمیت کو سمجھیں گے۔ تب شاید یہ ریت آپ ہی کو شرمندہ کرے گی۔ مظلوم کی آخری امید صحافت ہی ہے جہاں عہدے اور فیس نہیں دیکھی جاتی صرف خبر کی سچائی کے ساتھ صحافی کھڑا ہوتا ہے۔

قارئین کرام! پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 19 میں بھی معلومات تک رسائی کو ہر شہری کا قانونی حق قرار دیا ہے لیکن اس کے باوجود آزادیٔ اظہار ایک خواب ہی دکھائی دیتا ہے اور عوام تک خبر پہنچانے کی پاداش میں اب تک سینکڑوں صحافی جان کی بازی ہار چکے ہیں۔ پاکستان پریس فاؤنڈیشن کے ریکارڈ کے مطابق عالمی درجہ بندی میں پاکستان اس وقت آزادیٔ صحافت کی فہرست میں 142 ویں نمبر پر موجود ہے روزانہ کی بنیاد پر ملک بھر سے صحافیوں پر تشدد یا انہیں ہراساں کیے جانے کی خبریں آنا اب معمول کی بات ہو گئی ہے۔ کچھ گروہ اور طاقت ور شخصیات صحافت پر حاوی ہونے کی خواہش لئے صحافتی اقدار اور اصول کر پسِ پشت ڈال کر من مانی خبروں کا مطالبہ کرتے ہیں ہم بہتر جانتے ہیں کہ صحافیوں کو پیشہ وارانہ فرائض کی ادائیگی کے دوران غیر ریاستی عناصر اور ریاستی اداروں کی جانب سے کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ صحافیوں کا کام شہریوں کو باخبر رکھنا ہے تاکہ وہ اپنی نجی وسماجی زندگی میں بہتر فیصلے کر سکیں۔ کمیٹی ٹو پروٹیکٹ جرنلسٹ کے مطابق پاکستان ان 14 ممالک کی فہرست میں 9 ویں نمبر پر ہے جہاں صحافیوں کے قاتل نہیں ملتے، اگر مل بھی جائیں تو وہ بچ نکلتے ہیں۔ اکثر مختلف تنظیمیں اپنے خلاف خبر منظر عام پر آنے کے فوراً بعد پیش میں آجاتی ہیں ان کے کارکنان کی جانب سے بات گالم گلوچ سے شروع ہو کر تشدد تک پہنچ جاتی ہے۔ یاد رکھیں آزاد معاشرے ہی ترقی کرتے ہیں عدم برداشت اور خواہشات کی تکمیل سے معاملات آگے نہیں بڑھا کرتے۔ صحافت کی آواز خاموش ہوئی تو پھر اندھیرے ہی اندھیرے ہیں۔ صحافی کا قلم رک گیا یا کیمروں کو بند کروانے کا چلن قائم رہا تو پھر اندھیرے بڑھیں گے۔ ہمیں روشنی کی طرف سفر کرنا ہے آگے بڑھنا ہے۔ روشنی سے ہی تمام کردار عیاں ہوں گے، صحافی ہو یا سرکاری افسران، وکیل ہو یا ڈاکٹر سب کے کردار کھل کر سامنے آئیں گے۔ بلیک میلر کون ہے اور خود کو مختارِ کُل، مختارِ عاقل کون سمجھتا ہے یہ عدم تشدد اور خوف کو ختم کرنے سے ہی واضح ہو سکتا ہے۔ صحافی کو جینے دو اور سچ اور جھوٹ کا فیصلہ عوام کو کرنے دو۔ ہم سب ایک معاشرہ کا حصہ ہیں تو معاشرے کی جھلک تو ہر شعبہ میں نظر آئے گی۔ کسی ایک شعبہ کو ٹارگٹ کرنا دانشمندی نہیں۔ مختارِ کُل اور مختارِ عاقل کسی ایک شعبہ میں اکٹھے نہیں ہوتے اس لئے خود کو ایسا سمجھنا اور صحافی کو غلط کہنا چھوڑ دیں۔ خود کو بہترین اور صحافی کو غلط ثابت کرنے کی کوشش کرنے والے یاد رکھیں۔ صحافی کی طاقت قلم ہے اور قلم کی تو رب تعالیٰ نے بھی قسم کھائی ہے۔ جو صحافت کو سمجھتے نہیں وہ اسے اپنے تابع رکھنا چاہتے ہیں۔ خود احتسابی ہی سب سے بہترین رویہ ہے۔ خود کو مختارِ عاقل سمجھنے والے اپنی اصلاح احوال پر توجہ دیں اسی میں سب کی بھلائی ہے۔ اگر صحافیوں کی طرف سے عائد کردہ الزامات غلط ہیں تو انکے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جا سکتی ہے یہ خوف کی فضا اور تضحیک کا ماحول کیوں۔۔؟ یہی غور طلب ہے اور اس صورتحال کو تبدیل کرنا ضروری ہے۔

خوف خدا اسی کو کہتے ہیں کہ انسان کو انسان سے ڈر نہ لگے۔ انسان انسان کیشر سے، ہاتھ، پاؤں اور زبان سے محفوظ رہے۔

بہادر خاتون صحافی صدف نعیم فرائض کی ادائیگی میں کنٹینر کے نیچے آکر ہلاک ہو گئیں۔ ارشد شریف کے ساتھ کیا ہوا۔۔؟ صحافی بم سے ہلاک ہوئے گولیاں ماری گئیں۔ روز دھمکیوں اور تشدد کا شکار بن رہے ہیں۔ کوئی تحفظ نہیں، شنوائی نہیں سرکار کی گرانٹ نہیں، عہدہ نہیں تنخواہ نہیں، یونیفارم کا رعب نہیں۔ تنظیم کے پلیٹ فارم سے ہڑتال کا اختیار نہیں۔ کسی پر تشدد میں ملوث نہیں۔ آئے روز ہڑتال کے نام پر سائل کو رسوا نہیں کرتے۔ میٹنگ کی آڑ اور اختیار کے نشہ میں کسی کو دھتکارتے نہیں۔ صرف ایک عزم ہے اور کام کی لگن ہے ایک صحافی معاشرے کا ہیرو ہے۔ صحافی کا سفر بہت کٹھن ہے۔ ناگہانی آفات وحادثات، ٹارگٹ کلنگ صحافی کی قسمت، دھونس دھمکی، گالی گلوچ لیکن صحافی نے اپنا کردار ادا کرنا ہے سو وہ کرتا رہے گا۔ صحافی ولن نہیں ہیرو ہے۔ کیوں نہ ہو موروثی اتفاقیہ دولت، خاندان، عزت شہرت حادثاتی وقار ان سب سے الگ کردار ہے۔ صحافی سرکاری عہدے یا ڈگری لے کر کوٹ پہن کر خود کو یونین سے زور آور نہیں سمجھتا۔ صحافی صرف خطروں سے گزر کر مشکلات سے لڑ کر ہی آگے بڑھ سکتا ہے۔ جہرِ مسلسل صحافی کی زندگی، محنت کی کمائی صحافی کی شان، حقائق کی دنیا، کشمکش سے بھرپور، دھکتا خون، مہکتا پسینہ، لذتِ درد سے آشنا، معاشرے کا عکاس ایک صحافی انا پرستوں کے لیے قابلِ قبول نہیں۔

زیادہ اور بہتر کام کیلئے سوشل میڈیا فالوورز کی تعداد بڑھانے کا دباؤ ہے

میں سوشل میڈیا کی شخصیت نہیں ہوں، میں ایک اداکارہ ہوں، میں اداکاری کرتی ہوں، ہما قریشی

کراچی (این این آئی) پرکشش اداکارہ ہما قریشی کا کہنا ہے کہ اداکاروں پر بہت دباؤ ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ کام حاصل کرنے کے لیے سوشل میڈیا فالوورز کی تعداد میں اضافہ کریں۔ ودیا بالن، نمرت کور اور دیگر کے ساتھ ایک گول میز مباحثے میں ہما نے کہا کہ میں سوشل میڈیا کی شخصیت نہیں ہوں، میں ایک اداکارہ ہوں، میں اداکاری کرتی ہوں۔ ان کا کہنا تھا کہ کبھی کبھی میں بھی سوشل میڈیا انفلوئینسر کی طرح برتاؤ کرتی ہوں، لیکن یہ میرا کام نہیں ہے۔

پاکستانی ویب سیریز ''سیوک دی کنفیشنز'' پر بھارت نے پابندی لگادی

بھارت میں ویب سیریز پر پابندی لگانے کی مذمت کرتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی ویب سیریز 'سیوک دی کنفیشنز' پر بھارت نے پابندی لگادی، جس کی ویڈیو ٹی وی کی جانب سے مذمت کی گئی ہے۔ ویڈیو ٹی وی کے سینئر پروڈکٹ منیجر اظہار خان کا کہنا ہے کہ بھارت میں ویب سیریز پر پابندی لگانے کی مذمت کرتے ہیں، ویب سیریز حقائق پر مبنی ہے، بھارت میں آزادی اظہار رائے پر پابندی عائد کی گئی ہے۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ویڈیو ٹی وی کیمینٹر پروڈکٹ منیجر اظہار خان نے کہا کہ ایک ویب سیریز کی وجہ سے ہمارے او ٹی ٹی کے تمام پلیٹ فارمز پر بھارت میں پابندی لگائی گئی، ناظرین کو پابندی عائد کر کے ویب سیریز سے محروم نہیں رکھنا چاہیے، فلم انڈسٹری کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔

فلم اواتار دیکھنے سے عجیب مسئلے کا سامنا ہونے کا انکشاف

اواتار ایسی سائنس فکشن فلم تھی جو ناظرین نے پہلے کبھی نہیں دیکھی تھی

ممبئی (این این آئی) 2009 میں ریلیز ہونے والی فلم اواتار نے دنیا میں سب سے زیادہ بزنس کرنے کا ریکارڈ قائم کیا تھا مگر اسے دیکھنے والے متعدد افراد کو بھی عجیب مسئلے کا سامنا ہوا تھا۔ اواتار ایسی سائنس فکشن فلم تھی جو ناظرین نے پہلے کبھی نہیں دیکھی تھی۔ اس میں دکھائی جانے والی رنگین خلائی دنیا (پنڈورا) کے لہراتے جنگلات، تیرتی پہاڑیاں اور عجیب مخلوقات دنگ کر دینے والے تھے۔ مگر ایک رپورٹ میں بتایا گیا کہ جب اواتار کو ریلیز کیا گیا تو کچھ افراد کو فلم دیکھنے کے بعد ڈپریشن اور خودکشی کے خیالات جیسے مسئلے کا سامنا ہوا۔

شاہ رخ خان نے بھارتیوں کے دل جیت لیے

کا جملہ مخصوص اور منفرد انداز میں 'پٹھان' فلم کے ڈائیلاگ کی طرز پر بولنے پر لوگ کھل اٹھے

ممبئی (این این آئی) بولی وڈ کے 'بادشاہ' کہلانے والے شاہ رخ خان نے خود پر اور اپنی آنے والی فلم 'پٹھان' پر تنقید اور بائیکاٹ کے ٹرینڈز چلنے پر پہلی بار مبہم مگر منفرد انداز میں بات کر کے بھارتیوں کے دل جیت لیے۔ شاہ رخ خان کی فلم 'پٹھان' آئندہ ماہ جنوری میں ریلیز ہوگی اور اس کا گانا 'بے شرم' رنگ چند دن قبل ریلیز کیا گیا تھا، جسے دیکھنے کے بعد تنگ نظر ہندو سیخ پا ہو گئے اور انہوں نے اداکار

بقیہ 1

کہ بھارتی حکومت نے 2002 میں گجرات میں بڑے پیمانے پر کی گئی قتل و غارت چھپانے کی کوشش کی۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ بھارتی گجرات میں 2002 میں ہونے والی خونریزی، عصمت دری اور لوٹ مار شرمناک واقعات ہیں، حقیقت یہ ہے گجرات کی قتل و غارت میں ملوث افراد عدالتی انصاف سے بچ گئے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق گجرات کی قتل و غارت میں ملوث افراد بھارتی حکومت میں اہم عہدوں پر فائز ہیں۔ یاد رہے کہ چند روز وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے اقوام متحدہ میں ہونے والے اجلاس میں کہا تھا کہ اسامہ بن لادن تو مر گیا لیکن گجرات کا قصائی زندہ ہے اور بھارت کا وزیر اعظم بن گیا ہے۔

بقیہ 2

ملک کی اس حالت کی ذمہ دار امپورٹڈ حکومت ہے۔ سماجی روابط کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر جاری پیغام میں ترجمان پنجاب حکومت مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ پاکستان کی معاشی حالت ہر دن بگڑتی جا رہی ہے، سیاسی استحکام کے بغیر کوئی بہتری ممکن نہیں، فوری الیکشن ہی واحد حل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک چلانے والے سب چور ارب پتی ہو گئے اور ملک اربوں ڈالر کا مقروض ہو گیا، شریف خاندان کے اکاؤنٹس میں کروڑوں روپوں کی ٹی ٹیاں آتی رہیں، عدالت کے پوچھنے پر جواب میں یہی کہتے رہے کہ پتہ نہیں، پیسے کہاں سے آ رہے تھے، صوبہ پنجاب، خیبر پختونخوا، کشمیر اور گلگت بلتستان کی رقوم وفاقی نے ضبط کر لیں، فارن ریزرو 7 ارب ڈالر سے بھی کم رہ گئے، وہ بھی دوست ممالک کے ہیں، جیم چینج سے جب عمران خان کو ہٹایا گیا اس وقت خزانے میں 22 ارب ڈالر تھے۔ مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ ملک ڈیفالٹ کر چکا بدنامی کے ڈر سے اعلان نہیں کر رہے ہیں، سفارت خانوں کے پاس تنخواہوں کے پیسے نہیں، وزیر خارجہ بلاول بھٹو کے دوروں پہ 2 ارب خرچ ہو چکے ہیں، پاکستانی روپیہ ایشیا کی بدترین کرنسی بن چکا ہے، ایک ایٹمی ملک کی اس حالت کی ذمہ دار امپورٹڈ حکومت ہے۔

بقیہ 3

صوبہ پنجاب اور امریکی ریاست کیلی فورنیا کو سسٹر سٹیٹ قرار دینے کے معاہدے میں پیش رفت کے حوالے سے گفتگو کی گئی۔ گورنر پنجاب بلیغ الرحمان نے کہا کہ پاکستان امریکہ کا ساتھ دیرینہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، صوبہ پنجاب اور امریکی ریاست کیلی فورنیا کو سسٹر سٹیٹ قرار دینے کے معاہدے پر پیش رفت خوش آئند ہے، یہ معاہدہ صوبہ پنجاب اور کیلیفورنیا کی ریاست کو مزید قریب لانے میں مدد دے گا۔ معاہدے سے مختلف شعبوں میں ایک دوسرے کے تجربات سے سیکھنے کے مواقع پیدا ہوں گے۔ گورنر پنجاب نے مزید کہا کہ معاہدے سے صوبہ پنجاب اور امریکی ریاست کیلی فورنیا کے درمیان تجارتی تعلقات میں اضافہ ہو گا، معاہدے سے صوبہ پنجاب اور امریکی ریاست کیلی فورنیا کے درمیان عوامی رابطے مضبوط ہوں گے۔ ولیم میکانیو لے نے کہا کہ پاکستان میں سیاحت کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ صوبہ پنجاب اور امریکی ریاست کیلی فورنیا کو سسٹر سٹیٹ قرار دینے کے معاہدے پر دستخط کی تقریب جلد منعقد ہو گی۔

بقیہ 4

گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے رابری کی واردات کے دوران خاتون کو زخمی کرنے کے مقدمہ میں ملوث اشتہاری مجرم معظم کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم نے اپنی 2 ساتھی خواتین کے ہمراہ واردات کے دوران فائرنگ کر کے خاتون کو زخمی کر دیا تھا، مقدمہ میں ملوث 2 خواتین ملزمان گرفتار ہو کر چالان ہو چکی ہیں، ایس ایچ او نے بتایا کہ اشتہاری مجرم معظم کو شناخت پریڈ کے لیے جیل منتقل کیا گیا ہے۔ ایس پی پوٹھوہار ملک طارق محبوب نے کہا کہ اشتہاری مجرم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، سنگین مقدمات میں مطلوب اشتہاری مجرمان کی گرفتاری لواحقین کو انصاف کی فراہمی کے لیے اہم ہے۔

بقیہ 5

اعتماد لانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں ن لیگ کے 106 ارکان پنجاب اسمبلی رانا مشہود کے گھر اکٹھے ہوئے۔ لیگی ارکان نے رانا مشہود کے گھر عدم اعتماد کی تحریک پر دستخط کر دیئے۔ ذرائع کے مطابق ن لیگ کی جانب سے وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی اور اسپیکر سبطین خان کے خلاف تحریک عدم اعتماد آج جمع کرائے جانے کا امکان ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے بھی وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی اور اسپیکر سبطین خان کے خلاف تحریک عدم اعتماد لانے کی منظوری دے دی۔ تحریک عدم اعتماد سے متعلق 36 گھنٹے انتہائی اہم قرار دے دیے گئے۔ دوسری جانب آج چیئرمین پی ٹی آئی پنجاب اسمبلی تحلیل کرنے کی تاریخ کا اعلان کریں گے۔ صوبائی وزیر میاں اسلم اقبال کا کہنا تھا کہ جہاں سے حقیقی لانگ مارچ کا آغاز کیا تھا وہیں اسمبلیاں توڑنے کا اعلان کیا جائے گا۔ تیاریاں آخری مراحل میں ہیں، لبرٹی چوک میں اسمبلیاں تحلیل کرنے کا اعلان کیا جائے گا۔ عمران خان لبرٹی چوک میں اسمبلیوں کی تحلیل کا حتمی اعلان کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ عمران خان نے حتمی مشاورت کیلئے اہم اجلاس بھی طلب کر لیا ہے۔ پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلیاں توڑنے کا فیصلہ اجلاس میں ہو گا، فیصلہ یہ ہے کہ اسمبلیاں دسمبر میں ہی ٹوٹیں گی۔ ہم اسمبلیاں تحلیل کرنے کے لئے قرارداد کی طرف جا رہے ہیں۔ میاں اسلم اقبال نے کہا کہ تحریک انصاف دس ماہ سے الیکشن مہم کر رہی ہے، دونوں اسمبلیاں اکٹھی توڑنی ہیں یا الگ اس کا فیصلہ لیڈر شپ نے کرنا ہے۔ میری رائے ہے کہ اسمبلیاں جلد توڑ دی جائیں، اسمبلیاں تحلیل کرنا ہمارا مقصد نہیں بلکہ جلد انتخابات ہیں۔

بقیہ 6

میں بارودی سرنگیں بچھانے کی سازش کر رہے ہیں، جس طرح آئین کی طاقت سے ملک کو جھوٹی اور راشی حکومت سے نجات دلائی تھی، اب عوام کو روٹی، روزگار کی پریشانیوں سے نجات دلائیں گے۔ شہباز شریف نے کہا کہ سیاسی شر پسند انتشار پھیلا کر دنیا کو بتانا چاہتے ہیں کہ پاکستان میں سرمایہ کاری نہ کریں اور سیلاب متاثرین اپنے گھروں میں آباد نہ ہوں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ سیلاب متاثرین کو سردی، بھوک اور بیماری سے بچانے میں سیاسی شریروں کا کوئی حصہ نہیں، یہ سیاسی مطلب پرستی اور خود غرض ہیں، نوجوانوں کو روزگار دلانے کے لئے سیاسی بے روزگاروں سے نجات لازم ہے، قوم کو سوچنا ہوگا کہ جب جب ملک معاشی ترقی کی طرف چلنا شروع ہوتا ہے تو فسادی لشکر کیوں متحرک ہو جاتا ہے؟۔ انہوں نے کہا کہ کوئی شک نہیں رہا، ایک ایجنڈے کے تحت معاشی تباہی کی گئی، سیاسی عدم استحکام بھی اسی کا تسلسل ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کا اعتماد توڑنے والے اب اسمبلیاں توڑ رہے ہیں، مقصد سیاسی عدم استحکام پیدا کرنا ہے، پاکستان کے عوام کی حالت پر رحم کریں، مہنگائی، بے روزگاری کے عذاب سے انہیں نجات دلانا سیاست ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سابق چار سال کی معاشی تباہی سے زہرناک مہنگائی کا شکار ہوا، عوام کی زندگیوں سے یہ زہر ختم کرنے دیں، رکاوٹیں مت کھڑی کریں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی استحکام اور میثاق معیشت ہی پاکستان کی قومی سلامتی کو مضبوط کر سکتے ہیں۔

بقیہ 7

ک آڈیوز، توشہ خانہ سے فرصت ملے تو ملی تباہی پر بھی نظر دوڑائے، حکومت کا مقصد توشہ خانہ، جعلی آڈیوز کی ڈرامہ بازی کے ذریعے معاشی تباہی سے عوام کی توجہ ہٹانا ہے۔ امپورٹڈ حکومت میں ہمت ہے تو توشہ خانہ کی مکمل تفصیلات قوم کے سامنے لائے، مشیر داخلہ پنجاب نے کہا کہ عمران خان نے جو بھی تحائف توشہ خانہ سے لئے وہ قانون و ضابطے کے تحت لئے ہیں، قوم جانتی ہے عمران خان واحد صادق و امین رہنما ہیں۔

بقیہ 8

ونگ پارٹی پیغام کو عوام تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کی ترقی میں خواتین کا کردار ہمیشہ سے اہم رہا ہے۔ اس موقع پر فرح ناز نے اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل کو خواتین ونگ کی کارکردگی سے آگاہ کیا۔ فرح ناز نے کہا کہ اس وقت خواتین ونگ اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں میں بھرپور حصہ لے رہی ہے اور ہماری بھرپور کوشش ہے کہ قائد مسلم لیگ (ن) نواز شریف کا پیغام شہر اقتدار کی باشعور اور پڑھی لکھی عوام خصوصا خواتین تک پہنچائیں تاکہ پارٹی کو بلدیاتی انتخابات میں اکثریتی کامیابی حاصل ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ 31 دسمبر کو مسلم لیگ (ن) کے امیدوار بھاری اکثریت سے کامیابی حاصل کریں گے اور نئے سال کا سورج مسلم لیگ (ن) کی کامیابی کی نوید کے ساتھ طلوع ہوگا۔ مسلم لیگی رہنما رہنما فرح ناز اکبر نے مزید کہا کہ مشکل معاشی حالات کے باوجود وزیر اعظم شہباز شریف اور وفاقی وزیر خزانہ اسحٰق ڈار نے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کر کے ریلیف دیا ہے، مسلم لیگ (ن) کی اتحادی حکومت بہت جلد ملک کو معاشی بحرانوں سے نجات اور عوام کو بھی ریلیف دلوانے میں بہت جلد کامیابی حاصل کرے گی، عمران نیازی نے پہلے ملک کو ڈیفالٹ کی نوبت پر پہنچایا اور اب اس انتظار میں ہیں کہ ملک ڈیفالٹ کر جائے اور اس کا سارا ملبہ مسلم لیگ (ن) اور اتحادی حکومت پر ڈالا جائے اس کی یہ معصوم خواہش انشاء اللہ کبھی پوری نہیں ہوگی۔ آخر میں ڈاکٹر مہر لیاقت نے فرح ناز اکبر کو صدر مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین ونگ اسلام آباد منتخب ہونے پر مبارک باد پیش کی اور اس امید کا اظہار کیا کہ وہ خواتین ونگ کی بہتری کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گی۔

بقیہ 9

ٹارکٹ بریانی ہے۔ واضح رہے کہ ڈاکٹر عفان نے پیزا اور کاربونیڈ ڈائرسٹ متعلق اپنی ویڈیو میں بتایا کہ یہ انسانی صحت پر ایک ڈرون ایٹک سے کم نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک پیزا میں 3 ہزار اور پیزا کے ایک سلائس میں کم سے کم 300 کیلوریز پائی جاتی ہیں، اسی طرح ایک گلاس کولڈ رنک میں 120 کیلوریز ہوتی ہیں جو کہ ایک ساتھ ایک وقت میں کھانا صحت کے لیے نہایت نقصان دہ ہے۔

بقیہ 10

آف پاکستان نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کا شیڈول جاری کرتے ہوئے کہا تھا کہ اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات 24 دسمبر کو ہوں گے۔

بقیہ 11

اور معاشی بدحالی کے طوفان کے خاتمے کیلئے ایک انتہائی قابل تعریف قدم اٹھایا گیا ہے، مسلم لیگ (ن) ہمیشہ عوامی امنگوں کی ترجمان اور متوسط سفید پوش طبقے کی نمائندہ جماعت رہی ہے اور رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ عمران نیازی کی سیاست نے انتقامی سوچ اور مفاد پرستی کے کلچر کی بنیاد پر کھڑا کر کے تمام طبقات کو مایوس کیا ہے، انہوں نے اپنے دور اقتدار میں پاکستانی معیشت زمین بوس کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی اور پاکستان کو ڈیفالٹ تک لے آئے، موجودہ حکومت نے پاکستان کو پھر سے اپنے پاؤں پر کھڑا کیا اور معاشی ترقی کی راہ ہموار کی ہے، انشاء اللہ ملکی معیشت بہتری کی طرف جائے گی۔ مسلم لیگی رہنما جمشید اختر شیخ نے مزید کہا کہ پاکستان کو دیوالیہ ہونے سے بچانے کیلئے وزیر اعظم شہباز شریف اور ان کی ٹیم کی کوششیں قابل تحسین ہیں، ملکی دیوالیہ پر خوش ہونے والوں کی دماغی سوچ دیوالیہ ہو چکی ہے، پاکستان گرے لسٹ کی طرح ڈیفالٹ لسٹ سے بھی نکل جائے گا، پاکستان کو ترقی کی منزل پر گامزن ہوتا دیکھ کر وطن دشمنوں کو مروڑ اٹھنا شروع ہو گئے ہیں، پاکستان کو سری لنکا بنانے کی خواہش رکھنے والوں کو ہمیشہ مایوسی ہوگی، ملک کی تعمیر و ترقی، عوام کی مشکلات کا تدارک اور خوشحالی مسلم لیگ (ن) کی اولین ترجیح ہے، ملک کے سفید پوش غریب اور متوسط طبقات کیلئے حکومت مزید عوام دوست منصوبے لیکر آئے گی، ملکی معاشی بحران ختم ہو نگے اور پاکستان ترقی کی منازل کی طرف بڑھے گا۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم نے 16 دسمبر اے پی ایس کے شہداء کا غم منایا مگر اس دن بھی کرسی کے حوس پرست عمران نیازی نے اپنا روایتی گھٹیا سیاست اور اداروں کو بلاوجہ تنقید کا نشانہ بنانے کا سلسلہ بند نہ کیا، شخص کسی کی حوس میں اس قدر آگے بڑھ چکا ہے کہ اس کو کسی اور کے دکھ اور غم میں سے کوئی غرض ہی نہیں، یہ شخص دن رات پاکستان کو بدنام کرنے میں مصروف ہے جس ملک کا وزیر اعظم رہا اب اسی ملک کے خلاف زہر اگل رہا ہے، عمران نیازی نے پاکستان کو جو دنیا بھر کے سامنے تنہا کرنے کی سازش کی تھی، اس سازش کو ناکام بنا رہے ہیں، عمران نیازی نے تو پوری کوشش کی تھی کہ پاکستان ڈیفالٹ بھی کر جائے اور دنیا میں اکیلا بھی رہ جائے مگر مسلم لیگ (ن) نے اس گھٹیا سازش کو ناکام بنا دی۔

بقیہ 12

کے لیے آئین کے آرٹیکل 51(5) کے مطابق نئی حلقہ بندیاں، دیگر انتخابی سرگرمیاں اور عام انتخابات کا بروقت انعقاد مشکل ہوگا۔ خط میں الیکشن کمیشن کی جانب سے وزارت منصوبہ بندی کی توجہ 8 دسمبر کو چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کی سربراہی میں چیف شماریات اور ان کی ٹیم کے ساتھ ہونے والے الیکشن کمیشن کے حالیہ اجلاس کی جانب مبذول کرائی گئی۔ الیکشن کمیشن کے ایک عہدیدار نے بتایا کہ آئین کے آرٹیکل 51(5) کے تحت حلقہ بندیوں کیلئے مردم شماری کے حتمی طور پر شائع شدہ ڈیٹا کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن ایکٹ 2017 کے سیکشن 17(2) کے تحت الیکشن کمیشن مردم شماری کے نتائج کے باضابطہ طور پر شائع ہونے کے بعد ہی حلقہ بندیاں شروع کرنے کا پابند ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ پنجاب اسمبلی کے سوا موجودہ اسمبلیوں کی مدت آئندہ برس 12 اگست کو ختم ہو جائے گی جبکہ پنجاب اسمبلی کی مدت 14 اگست کو مکمل ہوگی۔ عہدیدار نے بتایا کہ مردم شماری کے نتائج شائع ہونے کے بعد الیکشن کمیشن کو نئی حلقہ بندیوں کے لیے وقت درکار ہوگا، مختلف اضلاع میں مردم شماری کے بلاک کوڈز کی تعداد میں اضافے یا کمی اور بلاکس کی حدود میں تبدیلی کی صورت میں انتخابی فہرستوں پر نظر ثانی کی بھی ضرورت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اسی طرح الیکشنز ایکٹ 2017 کے سیکشن 14 کے تحت ایک ایکشن پلان بھی عام انتخابات سے 4 ماہ قبل یعنی اپریل 2023 میں تیار کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے الیکشن کمیشن کا مطالبہ تھا کہ مردم شماری کے حتمی نتائج 31 دسمبر 2023 تک فراہم کر دیے جائیں لیکن اب اس نے 31 مارچ 2023 کی ڈیڈ لائن مقرر کر دی ہے جس کے بغیر نئی حلقہ بندیاں ممکن نہیں۔

بقیہ 13

420 کینٹینوں کو اصلاحی نوٹسز جاری کئے گئے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے تمام لوگوں کو ہدائیت جاری کی گئی کہ ملاوٹ اور گندا لود ماحول سے دور رہیں اور اگر اپنے آس پاس یا علاقہ میں کوء انسانی جانوں کے خلاف کھانے پینے کی اشیاء تیار کرتا ہے تو پنجاب فوڈ آتھارٹی کی ہلپ لائن پر رابطہ کر کے نشاندہی کروائیں۔

بقیہ 14

ناقص کارکردگی اور بدعنوانی کی شکایات پر سب انسپکٹر کاشف اقبال کو محکمانہ کارروائی کے بعد عہدے میں تنزلی کا حکم دیا، سب انسپکٹر کاشف اقبال ایس ایچ او سٹی تعینات تھے، سب انسپکٹر ثاقب علی کو مسلسل غیر حاضر رہنے پر محکمہ سے برخاست کرنے کا حکم دیا۔ سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ بدعنوانی اور اختیارات سے تجاوز کسی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا، قبضہ مافیا، منشیات فروشوں یا جرائم پیشہ عناصر سے روابط یا انکی پشت پناہی پر زیرو ٹالرنس ہے، تمام افسران کے لیے واضح پیغام ہے کہ اختیارات سے تجاوز یا بدعنوانی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 15

سے نقشو کرتے ہوئے سی ڈی اے کے ایک اہلکار نے کہا کہ اتھارٹی ان سیکٹرز میں پینے کے صاف پانی، گیس، اسٹریٹ لائٹس، مارکیٹوں، اسکولوں، مساجد اور دیگر کی فراہمی کے لیے پوری کوشش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سی ڈی اے ترقیاتی کاموں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے لیے مزید فنڈز استعمال کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ سی ڈی اے نے شاہ اللہ دتہ ریزروائر سے پائپ لائن کے ذریعے سیکٹر آئی الیون ون اور ٹو کو پانی فراہم کرنے کا منصوبہ بنایا ہے اور اس مقصد کے لیے 80 فیصد پائپ لائن پہلے ہی بچھائی جا چکی ہے۔ زمین کے قبضے کی عدم دستیابی کی وجہ سے یہ پراجیکٹ مکمل نہیں ہو سکا۔ اتھارٹی نے سیکٹر میں ٹیوب ویل لگانے کے لیے زیر زمین پانی کی صلاحیت کا اندازہ لگانے کے لیے کئی الیکٹرک ریسسٹیویٹی سروے (ای آر ایس) ٹیسٹ بھی کیے ہیں، لیکن زیر زمین پانی کی ناکافی صلاحیت کی وجہ سے، ماہرین ارضیات کی طرف سے ٹیوب ویلوں کی سفارش نہیں کی گئی۔ اس وقت سی ڈی اے سیکٹر آئی الیون ون اور ٹو کے رہائشیوں کو ٹینکر سروس کے ذریعے پینے کا صاف پانی فراہم کر رہا ہے۔

بقیہ 16

کے مطابق مجسٹریٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے آتش بازی کا سامان لے کر جانیوالے 2 ملزمان عامر اور عمار کو گرفتار کر لیا، ملزمان سے سامان آتش بازی 25 آنار، 1000 سوتر گولے، 57 شوٹر باکس، 2 ڈبے پھل چڑیاں، 24 ہوائیاں، 16 الیکٹرک انار، 28 ماچس پٹاخہ، 9 مون گولے سمیت دیگر سامان برآمد ہوا۔ ملزمان کی گرفتاری پر ایس پی راول بابر جاوید جوئیہ نے مجسٹریٹی پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ آتش بازی اور ہوائی فائرنگ کے ذریعے شہریوں کی جانوں کو خطرے میں ڈالنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 17

آٹا برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے آٹے سے لدی 2 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی، ڈرائیوروں نعیم اور شیر اللہ سے 452 تھیلے آٹا برآمد کیا گیا۔ ایس پی پوٹھوہار نے کہا کہ غیر قانونی گندم اور آٹے کی ترسیل کرنے والوں کے خلاف کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ 18

لطیف نے جے آئی ٹی میں پیش نہ ہونے کا فیصلہ کیا۔ (ن) لیگی ذرائع کا کہنا ہے کہ عمران خان پر حملہ کیس کی تحقیقات کرنے والی جے آئی ٹی سیاسی بنیاد پر لیگی رہنماؤں کو طلب کر رہی ہے۔ حملہ کیس سے تینوں رہنماؤں کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

بقیہ 19

ہمراہ پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 34 بھکاریوں کو گرفتار کر کے راولپنڈی شہر کے مختلف تھانوں میں بند کروایا۔ سی پی او سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ خصوصی بیگر سکواڈ بھرپور محنت کر رہا ہے، پیشہ ور بھکاری راولپنڈی شہر کی مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں کھڑے ہو کر نہ صرف ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی اندیشہ بناتے ہے، عوام سے بھی گزارش ہے کہ ایسے عوامل کی حوصلہ شکنی کی جائے اس سے نہ صرف معاشرے میں بہتری آئے گی بلکہ ٹریفک کی روانی بھی بہتر ہوگی۔

بقیہ 20

ذریعے نمٹنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ آبادی میں تیزی سے اضافے کی وجہ سے پاکستان کو خوراک اور فائبر کی بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے۔ موسمیاتی تبدیلی ہمارے زرعی شعبے کو متاثر کرنے والا ایک اہم عنصر بن گئی ہے۔ ہمارے لیے ایک بہت بڑا سبق حالیہ سیلاب ہے جس نے ہماری سب سے زیادہ پیداواری زمینوں اور فصلوں کو تباہ کر دیا۔ اس کے لیے پاکستان زرعی تحقیقاتی کونسل اپنے شراکت داروں کے ساتھ حکومتی پالیسی اور زرعی ترقی کے لیے ضرورت پر مبنی تحقیق پر مکمل درآمد کے لیے اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔ چیئرمین PARC نے پلانٹ ہیلتھ کلینک کے کامیاب انعقاد پر CABI کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ PARC اور CABI ملک میں مختلف منصوبوں اور پروگراموں کو نافذ کرنے کے لیے طویل عرصے سے کام کر رہے ہیں۔ چیئرمین پی اے آر سی نے سائنسدانوں پر زور دیا کہ وہ جدید منصوبوں پر کام کریں۔ آخر میں، چیئرمین PARC نے CABI کے سینئر ریجنل ڈائریکٹر بابر احسان باجوہ، ان کی ٹیم اور تمام صوبائی اسٹیک ہولڈرز کا پلانٹ وائرپلس پروگرام شروع کرنے پر شکریہ ادا کیا جس کا مقصد کسانوں کو فصلوں کے نقصانات کو کم کرنا اور کیڑوں کی شناخت کے لیے مصنوعی ذہانت کا استعمال کرنا اور بیماریوں کے انتظام میں مدد کے ذریعے خوراک کی حفاظت کو مربوط انداز میں یقینی بنانا ہے۔ ڈاکٹر بابر احسان باجوہ، سینئر ریجنل ڈائریکٹر ایشیا، (CABI) نے کہا کہ حکومت پلانٹ وائرپلس پروگرام کے تحت پلانٹ کلینک کے آپریشنز، عمل اور نتائج کی کوالٹی ایشورنس کے بارے میں قائل اور پرجوش ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کا خیال ہے کہ کسانوں کو کیڑوں کی تشخیص اور مشاورتی خدمات فراہم کرنے کے لیے ملک میں پلانٹ کلینک کا نیٹ ورک چلایا جائے گا۔ ڈاکٹر باجوہ نے کہا، ''مزید برآں، یہ پروگرام نئے اور موجودہ ایسٹینشنز کے ساتھ کیڑوں اور بیماریوں کی شناخت میں مدد کر رہا ہے، خاص طور پر ڈیجیٹل ٹولز کا تعارف اور تصدیق شدہ تشخیص کسانوں کے لیے مددگار ثابت ہوگی۔ کنٹری کوآرڈینیٹر CABI، ڈاکٹر محمد نعیم اسلم نے PlantwisePlus پروگرام کی خصوصیات پر روشنی ڈالی اور کہا کہ محققین اور توسیعی کارکن سی اے بی آئی کے آن لائن وسائل جیسے کراپ پروٹیکشن کمپنڈیم، انوپیسیو اسپیسز کمپنڈیم وغیرہ سے جامع شکل میں ایک ساتھ تحقیق سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

بقیہ 21

عبدالبصیر سے 240 گرام چرس، آرے بازار پولیس نے ملزم اختر سے 540 گرام چرس، نیکلا پولیس نے ملزم غضنفر سے 500 گرام چرس اور کہوٹہ پولیس نے ملزم خادم حسین سے 300 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض خان نے کہا کہ منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 22

درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے ملزم وسیم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، بنی پولیس نے ملزم آصف سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، گوجر خان پولیس نے ملزم نصرت سے 01 کلاشنکوف معہ ایمونیشن، مندرہ پولیس نے ملزم یعقوب سے 01 پستول 30 بور اور چکری پولیس نے ملزم وسیم سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن اور سول لائنز پولیس نے ملزم زاہد سے خنجر برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 23

کا تدارک اور خوشحالی مسلم لیگ (ن) کی اولین ترجیح ہے، عمران نیازی نے معیشت، گڈ گورننس تباہ کی اور نوجوان نسل کو گمراہ کیا، وہ پورے نظام کو اپنی ضد کی نظر کرنا چاہتے ہیں، انہیں صرف وہ نظام سوٹ کرتا ہے جس میں وہ خود وزیر اعظم ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اداروں کو بدنام اور پاکستان کو دنیا سے تنہا کرنا عمران نیازی کا ایجنڈا ہے، انہوں نے اپنے دور اقتدار میں پوری طرح کوشش کی کہ پاکستانی معیشت زمین بوس ہو جائے اور پاکستان ڈیفالٹ کر جائے لیکن ایسی بات کہنے والوں کے منہ میں خاک، وفاقی حکومت نے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کی سرتوڑ کوشش کر رہی ہے، انشاء اللہ ملکی معیشت بہتری کی طرف ہی جائے گی اور ملک کو معیشت سمیت تمام بحرانوں سے نکال لیں گے۔ مسلم لیگی رہنما نے ایم ساجد عباسی نے مزید کہا کہ 16 دسمبر کا دن اے پی ایس سانحہ پشاور کی حیثیت سے ایک المناک باب بن چکا ہے، پشاور آرمی پبلک سکول سانحہ کسی صورت فراموش نہیں کیا جا سکتا، دہشتگردوں نے معصوم بچوں کو شہید کر کے بزدلی کا ثبوت دیا تھا، معصوم بچوں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، پاک فوج کے جوانوں نے ملک کی خاطر اپنی قیمتی جانوں کے نذرانے دیئے ہیں، تمام شہداء کو ان کی جرات و بہادری پر سلام پیش کرتے ہیں، مسلمانوں اور پاکستان کی طرف اٹھنے والی ہر میلی آنکھ نکال دی جائے گی، پوری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 24

کرنل کیا۔ پولیس حکام کے مطابق ملزم کامران سے ابتدائی تفتیش میں انکشاف ہوا ہے کہ وہ اپنی ہمشیرہ ماہ نور کی شادی رشتہ داروں میں کرنا چاہتا تھا، جبکہ ہمشیرہ شادی کہیں اور کرنا چاہتی تھی۔ ملزم کے مطابق بیان کے مطابق ملزم کی ماں بھی ہمشیرہ کے ساتھ تھی اور اسی تنازعے میں دونوں سے چپقلش ہوگئی اور ملزم نے اشتعال میں آ کر دونوں کو گلہ دبا کر قتل کر دیا۔ پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر لئے ہیں اور ملزم سے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ 25

نہ عوام کا اعتماد بحال ہو سکتا ہے۔ ماڈل ٹاؤن میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے میاں جاوید لطیف نے کہا کہ اگر عمران خان اپنے باپ کا بیٹا ہے تو اسمبلیاں توڑ کر دکھائے، یہ اسمبلیاں اسے پال رہی ہیں، یہ دونوں صوبوں کے وسائل کھا رہا ہے، دو ہزار کے قریب پولیس والے اس کو تحفظ دے رہے ہیں اس کی سیکورٹی پر مامور ہیں۔ یہ کہتا ہے کہ انتخابات کرانے ہیں، اسمبلیاں تحلیل کرے، پھر اپنے خلاف زیر التواء کیسز کے فیصلے آنے دیں ان کے فیصلے ایک ہفتے میں بھی ہو سکتے ہیں اور اگلے دن انتخابات کرا لیں، اس کے کرتوت عوام کے سامنے آئے بغیر اربوں کھربوں روپے پاکستان کا جو انتخابات پر خرچ ہوگا وہ نہیں ہونے چاہئیں، یہ اگلے روز پھر نئی بات پر آ جائے کہ ہم انتخابات کو نہیں مانتے۔ یہ واضح ہو کن لوگوں نے 2017ء پھلتا پھولتا پاکستان تباہ و برباد۔ نواز شریف کو یہ اختیار نہیں ہے، مسلم لیگ (ن) کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ پاکستان کی تباہی کرنے والوں کو معاف کر سکیں، نواز شریف اور قیادت اپنے اوپر ہونے مظالم کو تو معاف کر سکتے ہیں مگر ریاست کو تباہ کرنے والوں کو معاف نہیں کر سکتے، ریاستی اداروں میں بیٹھے لوگ جو اس بربادی میں شامل ہیں انہیں جب تک کٹہرے میں نہیں لائیں گے تباہی و بربادی کا سلسلہ جو 75 سال سے جاری ہے وہ نہیں رک سکتا، اگر اس کو روکنا ہے قوم کا اعتماد بحال کرنا ہے تو انہیں کٹہرے میں لانا پڑے گا، کٹہرے میں لائے بغیر نئے انتخابات پاکستان ٹھیک نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ 23 نومبر کی رات تک ایک تقریر کے حوالے سے ہیجانی کیفیت پیدا کی گئی، یہ سلسلہ رکنا چاہیے، 24 نومبر کے بعد سہولت کاری ختم ہو گئی، صرف ایک ادارے کے اے پلیٹیکل ہونے سے کام نہیں بنے گا، بقول جسٹس شوکت صدیقی کے تین اداروں نے مل کر جو پاکستان کے اندر کھیل کھیل کھیلا۔ انہوں نے کہا کہ آج بھی عمران خان کے زیر التواء کیسوں کا فیصلہ کیوں نہیں ہو رہا؟، ایک شخص کو اتنی چھوٹ دی جائے اور دوسرے کو باندھ دیا جائے تو یہ لیول پلیئنگ فیلڈ نہیں۔ ایک متنازعہ شخص کو عمران خان حملہ کیس کی جے آئی ٹی کا سربراہ بنا دیا گیا، اس معاملے کی صاف تحقیقات ہونی چاہئیں، پتہ چلنا چاہیے کہ ایک گولی کتنے بچے دے سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان اداروں کو بلیک میل کر رہا ہے، یہ اس کا آخری کارڈ ہے، خیبر پختونخواہ میں تو کسی سے مشاورت کی

لاہور میں دو جعلی پولیس اہلکار پکڑے گئے، مقدمہ درج

ٹریفک وارڈنز نے شہریوں کی مدد سے ملزمان کی فرار کی کوشش ناکام بنائی

وارڈنز ٹریفک کی روانی کیساتھ ساتھ جان و مال کے تحفظ کو بھی یقینی بنائے ہوئے ہیں

لاہور (این این آئی) لاہور میں پولیس اہلکار بن کر شہریوں کی تلاشی لینے والے دو ملزمان دھر لیے گئے، ٹریفک وارڈنز نے شہریوں کی مدد سے ملزمان کی فرار کی کوشش ناکام بنا کر پولیس کے حوالے کر دیا۔ بتایا گیا ہے کہ اچھرہ پل پر رات گئے دو نوسر باز موٹر سائیکل سواروں کو روک کر تلاشی لے رہے تھے، مشکوک جاننے پر پٹرولنگ آفیسر آغا عدنان اور جمعیت نے جعلی اہلکاروں سے پوچھ گچھ کی، نوسر باز کوئی شناختی دستاویزات پیش نہ کر سکے اور فرار ہونے کی کوشش کی، ٹریفک وارڈنز نے راہگیروں کی مدد سے دونوں ملزمان کو دھر لیا، دونوں ملزمان کو مزید کارروائی کیلئے تھانہ گلبرگ پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔ شبیر اور غلام حیدر نامی ملزمان اچھرہ کے رہائشی ہیں جن کے (بقیہ نمبر 30)

ڈپٹی کمشنر احمد یار کا سبزی منڈی کا دورہ

سبزیوں اور پھلوں کو مقرر کردہ نرخوں پر فراہمی کو یقینی بنایا جائے، سید آصف حسین شاہ

احمد یار (این این آئی) ڈپٹی کمشنر سید آصف حسین شاہ نے سبزی منڈی کا دورہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ سبزیوں اور پھلوں کو مقرر کردہ نرخوں پر فراہمی کو یقینی بنایا جائے سبزیوں اور پھلوں کی زائد نرخوں پر روک تھام کیلئے موثر اقدامات کیے جائیں۔ سبزیوں اور پھلوں کی قیمتیں اعتدال میں رکھتے ہوئے سخت مانیٹرنگ کا عمل جاری رکھا جائے۔ یہ باتیں انہوں (بقیہ نمبر 29)

لاہور ن لیگ ایک کارکن شیر کا ماڈل اٹھائے پرجوش انداز میں نعرے لگا رہا ہے

پنجاب میں خفیہ آپریشن کے دوران کالعدم تنظیموں کے 12 مشتبہ افراد گرفتار

مبینہ دہشت گردوں سے دھماکہ خیز مواد الیکٹریک سوئچ، ڈیٹونیٹر سیفٹی فیوز اور اسلحہ برآمد

کالعدم تنظیم داعش سے تعلق رکھنے والا مبینہ دہشت گرد بھی شامل، مختلف اضلاع میں مقدمات درج

لاہور (این این آئی) محکمہ انسداد دہشتگردی نے خفیہ اطلاعات پر کامیاب کارروائیوں کے دوران کالعدم تنظیموں کے 12 دہشتگردوں کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق لاہور سمیت مختلف اضلاع میں میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیوں کے دوران کالعدم تنظیموں سے تعلق رکھنے والے 12 مشتبہ افراد گرفتار کر لیا گیا۔ کالعدم تنظیم داعش سے تعلق رکھنے والے محمد عارف کو گرفتار کیا گیا (بقیہ نمبر 63)

کوکا کولا لاہور اوپن پولو چیمپئن شپ، ایف جی/ دین پولو نے ری ماؤنٹس کی ٹیم کو 5-12 سے ہرا دیا

لاہور (این این آئی) لاہور پولو کلب کے زیر اہتمام کوکا کولا لاہور اوپن پولو چیمپئن شپ 2022ء کے پانچویں دن ایک میچ کھیلا گیا جس میں ایف جی/ دین پولو نے ری ماؤنٹس کی ٹیم کو 5-12 سے ہرا دیا۔ تفصیلات کے مطابق واحد کھیلا گیا میچ دیکھنے کیلئے صبح گیارہ بجے فیملیز، بچے اور تماشائی بھی موجود (بقیہ نمبر 61)

احمد یار، ٹریفک حادثہ میں 45 سالہ شخص جاں بحق

دونوں کو سٹر کے ڈرائیور جائے حادثات سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے

احمد یار (این این آئی) ٹریفک کے المناک حادثہ میں 45 سالہ شخص جاں بحق جبکہ 10 مسافر زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق نواحی گاؤں 34/EB کے نزدیک ساہیوال سے قبولہ آنے والی ریس لگاتی 2 منی کوسٹر میں ٹکر جس کے نتیجہ میں 45 سالہ ظفر اللہ سکنہ جاں بحق۔

میٹرو پولیٹن کارپوریشن لاہور نے رائے ونڈ کے شہریوں کو لاوارث چھوڑ دیا

وسائل پر قابض ہونے سے شہر کا انتظامی ڈھانچہ بری طرح متاثر ہے

رائے ونڈ (این این آئی) میٹرو پولیٹن کارپوریشن لاہور نے رائے ونڈ کے شہریوں کو لاوارث چھوڑ دیا، شہر کے وسائل پر قابض ہونے سے شہر کا انتظامی ڈھانچہ بری طرح متاثر ہو گیا تفصیلات کے مطابق 9 سال قبل رائے ونڈ کو تحصیل کا درجہ دینے کے باوجود تحصیل کو فعال نہیں کیا گیا اسکے ساتھ ساتھ ٹاؤن کمیٹی رائے ونڈ کو نئے بلدیاتی نظام (بقیہ نمبر 62)

رائے ونڈ ریلوے حکام کی جانب سے لاہور کے کرایوں میں اضافے کے بعد ریلوے اسٹیشن ویران پڑا ہے

سرگودھا، گھر سے نکالنے پر غیر مسلم خاتون شوہر، سسرالیوں کیخلاف اندراج مقدمہ کیلئے عدالت پہنچ گئی

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں گھر سے نکال دینے پر غیر مسلم خاتون شوہر اور سسرالیوں کے خلاف اندراج مقدمہ کے لئے عدالت پہنچ گئی جس کی درخواست پر عدالت نے پولیس کو طلب کر لیا۔ ذرائع کے مطابق ارم پطرس نے ایڈیشنل سیشن جج سکندر جاوید کو غیر مسلم خاتون ارم پطرس نے درخواست دی کہ چار سال سے حساس ادارہ کے ملاز (بقیہ نمبر 60)

گوادر اوسی پیک پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے

اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدیداران نے بھی شرکت کی

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) گوادر اوسی پیک پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے جہاں اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہیں۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ مرزا محمد آفریدی چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی کی دعوت پر لیبیا کی پارلیمنٹ کے ڈپٹی اسپیکر فاوزی الطاہر النویری کی سربراہی میں پاکستان کا 6 روزہ دورہ کرنے والے 12 رکنی وفد (بقیہ نمبر 33)

چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی کی دعوت پر لیبیا کی پارلیمنٹ کے ڈپٹی اسپیکر فاوزی الطاہر النویری کی سربراہی میں پاکستان کا 6 روزہ دورہ

ریفرنڈم کے دوسرے راؤنڈ میں یونائیٹڈ ورکرز یونین فیصلہ کن کردار ادا کرنے کو تیار ہے، جوزف صنم

کراچی (این این آئی) تمام تر سرکاری مشینری، افسران اور دونوں بڑی سیاسی جماعتوں کی تنظیموں، عہدیداروں، یوسی چیئرمینوں کے امیدواروں کے استعمال کے باوجود واحد غیر سیاسی یونین یونائیٹڈ ورکرز یونین کو گیارہ سو سے زائد ملازمین کی جانب سے بے خوف وخطر ووٹ دینے پر یونائیٹڈ ورکرز یونین کے مرکزی قائدین چیئرمین جوزف صنم (بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد، تھانہ کھنہ پولیس ٹیم کی کارروائی، بدنام زمانہ منشیات فروش گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ کھنہ پولیس ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے بدنام زمانہ منشیات فروش کو گرفتار کر کے 1035 گرام چرس اور وارداتوں میں استعمال ہونے والے اسلحہ پسٹل 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کے خصوصی (بقیہ نمبر 34)

سرگودھا، 25 سالہ نوجوان کو مار کر نعش قبرستان میں پھینک دی گئی

تھانہ صدر پولیس نعش کی شناخت سمیت مصروف تفتیش ہے

سرگودھا (این این آئی) 25 سالہ نوجوان کو مار کر نعش قبرستان میں پھینک دی گئی پولیس مسخ شدہ نعش تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کر کے مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ میانوالی میں 25 سالہ نوجوان کو مار کر نعش قبرستان میں پھینک دی گئی جس کی اطلاع پر تھانہ صدر پولیس نے مجاہد ٹان قبرستان میں سے (بقیہ نمبر 31)

لاہور الحمراء لائیو میں الحمرا اکیڈمی کے باصلاحیت فلیوٹ پلیئر محمد طیب اپنی پرفارمنس کا مظاہرہ کر رہے ہیں

رائے ونڈ، بدبخت نے ماں اور بہن کو گلا دبا کر قتل کر دیا

کامران اپنی بہن کی مرضی کے خلاف اس کی شادی رشتہ داروں میں کرنا چاہتا تھا، ملزم گرفتار

رائے ونڈ (این این آئی) رائیونڈ میں شادی کے تنازعہ پر بدبخت بیٹے نے ماں اور بہن کو گلا دبا کر قتل کر دیا، پولیس نے بروقت کارروائی کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا، فرانزک ماہرین کی مدد سے شواہد اکٹھے کرنے کے بعد لاشوں کو مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ قتل ہونے والی خواتین کی شناخت ملزم کی والدہ اصغری بی بی اور بہن ماہ نور کا ناموں سے ہوئی ہے جنہیں ملزم نے گلا دبا کر قتل کیا۔ پولیس حکام کے مطابق ملزم کامران (بقیہ نمبر 35)

طلبا اور اساتذۂ کرام کا ایوانِ قائداعظمؒ کا مطالعاتی دورہ

مذکورہ بالا تعلیمی ادارے میں مستفید ہونیوالے اساتذہ اور طلبہ کی مجموعی 411 تھی

لاہور (این این آئی) مسلم سکالرز ماڈل ہائی سکول، شاہدرہ موڑ لاہور کی طالبات اور اساتذۂ کرام نے نظریۂ پاکستان ٹرسٹ کے پاکستان آگہی پروگرام کے سلسلہ میں ایوانِ کارکنانِ تحریکِ پاکستان لاہور اور عزیز میموریل سائنس ہائی سکول، چونگی امر سدھو، فیروز پور روڈ، لاہور کے طلبا اور اساتذۂ کرام نے ایوانِ قائداعظمؒ، جوہر ٹاؤن، لاہور کا مطالعاتی دورہ کیا اور تحریک پاکستان کی تصویری گیلریز بھی دیکھیں۔ دریں اثناء موبائل نظریاتی تعلیمی یونٹ نے مدرسہ نعیمیہ نور القرآن، حبیب گنج، لاہور، گورنمنٹ گریجوایٹ کالج (برائے خواتین) وحدت کالونی، لاہور، الفرید سکول، شاہ پور کانجراں، ملتان روڈ، لاہور اور جامعہ رضویہ (بقیہ نمبر 36)



لاہور سیکرٹری ایجوکیشن انجینئر زاہد سپورٹس پنجاب احسان بھٹہ کا انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ پنجاب یونیورسٹی میں ای روزگار کورس مکمل کرنے والے طلبا و طالبات کیساتھ گروپ فوٹو

اشیاء خورد و نوش کی قیمتیں تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی، محمد جاوید قصوری

پی ٹی آئی اور موجودہ اتحادی حکومت نے ملک کو آئی ایم ایف کے پاس گروی رکھ دیا، امیر جماعت اسلامی

بھونگ: سردار اظہر خان لغاری ماچھی گوٹھ میں غلام قادر مرحوم کی رسم قل خوانی کی جا رہی ہے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی اونٹ کے منہ میں زیرے کے مترادف ہے، پٹرولیم مصنوعات میں فی لیٹر پچاس روپے کمی ہونی چاہئے تھی، حکومت نے ڈیزل پر لیوی کی شرح میں 5 روپے اضافہ کر دیا ہے جو 25 سے بڑھ کر 30 روپے ہو گی ہے آئی ایم ایف کے معاہدے کے تحت پٹرول پر لیوی کی شرح 50 روپے ہے، قوم کو گمراہ کرنے کا سلسلہ اب بند ہونا (بقیہ نمبر 59)

موت ایک اٹل حقیقت ہے ہر ذی روح نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے

مرحوم کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے

بھونگ شریف (سندھ خصوصی) مسلم لیگ ن کے ضلعی صدر و سابق ضلعی چیئرمین رحیم یار خان سردار اظہر خان لغاری نے ماچھی گوٹھ میں غلام قادر مہر مرحوم کی رسم قل خوانی میں شرکت کی۔ تفصیل کے مطابق پاکستان مسلم لیگ) ن (کے ضلعی صدر سردار اظہر خان لغاری نے ماچھی گوٹھ میں غلام قادر مہر کی رسم قل خوانی و قرآن خوانی میں شرکت کی انکے ورثا سے انکی وفات پر تعزیت کا اظہار کیا اور انکی درجات کی بلندی کیلیے دعائے مغفرت کی۔ بعد ازاں مرحوم کے بڑے بیٹے کی دستار بندی کی اور سوگوار خاندان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موت ایک اٹل حقیقت ہے ہر ذی روح نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ مرحوم (بقیہ نمبر 57)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں انسانی یکجہتی کا عالمی دن 20 دسمبر کو منایا جائیگا

مکوانہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں انسانی یکجہتی کا عالمی دن 20 دسمبر کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد قدرتی آفات سے متاثرہ افراد کی مدد، دنیا سے غربت اور تنگ دستی کے خاتمے کیلئے انسانوں کی باہم یکجہتی کی اہمیت کو اجاگر (بقیہ نمبر 58)

احمد یار، پولیس کا چھاپہ، ڈکیت گینگ کا سرغنہ 4 ساتھیوں سمیت گرفتار

احمد یار (این این آئی) پولیس نے چھاپہ مار کر ڈکیت گینگ کا سرغنہ 4 ساتھیوں سمیت گرفتار کر کے لاکھوں روپے مالیت کی نقدی، موٹر سائیکلیں اور سامان برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ قبولہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈکیت گینگ کے (بقیہ نمبر 55)

پنجاب میں 13 افسران کی گریڈ 21، گریڈ 20 میں ترقی

2 افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 13 افسران کی گریڈ 21، گریڈ 20 میں ترقی اور 2 افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے۔ اس ضمن میں محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق سیکرٹری لٹریسی اینڈ نان فارمل بیسک ایجوکیشن وجیہہ الدین کنڈی کو گریڈ 21 میں ریگولر بنیادوں پر ترقی دیکر موجودہ عہدے پر کام جاری رکھنے کی ہدایت، سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن احمد (بقیہ نمبر 56)

لاہور، جنرل ہسپتال کے پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر امریکی ماہر امراض متعدی پروفیسر مبین راٹھور کو شیلڈ دے رہے ہیں

بغیر ہیلمٹ 1 لاکھ 20 ہزار موٹر سائیکل سواروں کو چالان ٹکٹس جاری

ہیلمٹ مہم ہیڈ انجری کیسز میں نمایاں کمی آئی، شہریوں کی بڑی تعداد نے ہیلمٹ پہننا شروع کر دیئے جو کہ خوش آئند ہے

کوئی بھی موٹر سائیکلسٹ بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل چلاتے نظر نہ آئے، روڈ پر آنا ہے تو ہیلمٹ پہننا لازمی ہوگا

لاہور (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر لاہور ڈاکٹر اسد ملہی نے کہا ہے کہ بغیر ہیلمٹ پر چار ہفتوں کے دوران 1 لاکھ 20 ہزار موٹر سائیکل سواروں کو چالان ٹکٹس جاری کیے گئے جبکہ رواں سال کے دوران 8 لاکھ 54 ہزار موٹر سائیکلسٹ کے خلاف کارروائی کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ ہیلمٹ مہم ہیڈ انجری کیسز میں نمایاں کمی آئی، شہریوں کی بڑی تعداد نے ہیلمٹ پہننا شروع کر دیئے جو کہ خوش آئند ہے، موٹر سائیکل چلانی ہے تو ہیلمٹ پہننا ہوگا۔ سی ٹی او لاہور نے شہر بھر میں بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل سواروں کیخلاف کریک ڈاؤن تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ کوئی بھی موٹر سائیکلسٹ بغیر ہیلمٹ موٹر سائیکل چلاتے نظر نہ آئے، روڈ پر آنا (بقیہ نمبر 54)

مرید کے سٹی پولیس اور ڈکیت گینگ کے درمیان فائرنگ

پانچ ملزمان گرفتار، 13 موٹر سائیکلیں، موبائل فونز اور اسلحہ برآمد

مرید کے (این این آئی) مرید کے سٹی پولیس کا گھٹا اسٹیڈیم کے قریب ایک ڈیرہ پر چھاپہ، فائرنگ کے تبادلے کے بعد قتل، اغواء و ڈکیتی کی چالیس سے زائد وارداتوں میں انتہائی مطلوب اشتہاری ڈکیت گینگ کے پانچ ارکان کو گرفتار کر لیا گیا (بقیہ نمبر 53)

سرکاری اسپتالوں میں مریضوں کا کوئی پرسان حال

لاڑکانہ / مورو (این این آئی) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی لاڑکانہ کے ضلعی صدر نذر علی مغیری کی قیادت میں تعلقہ اسپتال مورو کے ڈاکٹروں کی غفلت کی وجہ سے جانبحق ہونے والی نوسالہ ماہ نور سولنگی کی (بقیہ نمبر 52)

ایوان قائداعظم میں طلبا و طالبات کے مابین انعامی مقابلہ مصوری کا انعقاد

اس مقابلہ میں طلبا و طالبات کی کثیر تعداد نے حصہ لیا، انعامات تقسیم کیے گئے

لاہور (این این آئی) نظریۂ پاکستان ٹرسٹ کے زیر اہتمام ایوان قائداعظم، جوہر ٹاؤن لاہور میں ''تقریبات یوم قائداعظم'' کے سلسلے میں تعلیمی اداروں کے طلبا و طالبات کے مابین انعامی مقابلہ مصوری کا انعقاد کیا گیا۔ اس مقابلہ میں طلبا و طالبات کی کثیر تعداد نے حصہ لیا۔ منصفین کے فرائض نوشی اعجاز اور انشیں اعجاز نے انجام دیے۔ نتائج کے مطابق پرائمری سیکشن کے طلبا و طالبات کے مابین ہونیوالے مقابلہ میں محمد عبداللہ نے اول، فائق الرحمٰن طیب نے دوم اور عیشہ سرفراز نے سوم پوزیشن حاصل کی جبکہ محمد ہارون اختر، محمد شاہ، محمد اسد اللہ، محمد ارتقی عباس، محمد حسنات اور محمد نائیل جاوید کو خصوصی انعام کا حقدار قرار دیا گیا۔ (بقیہ نمبر 51)

عمران خان پاکستان کے مقبول لیڈر بن چکے ہیں، صائمہ طارق

حکومتی وزرا اور مشیروں کی اللے تللوں کی وجہ سے ملکی معیشت بالکل سکڑ چکی ہے

بھونگ شریف (محمد مراد دشتی) ضلعی صدر وومن ونگ پاکستان تحریک انصاف محترمہ صائمہ طارق نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پی ڈی ایم کی جماعتوں نے اقتدار میں آنے سے پہلے لانگ مارچ اور ہڑتالوں میں عوام کی فلاح اور بہتری کا مطالبہ کرتے رہے اور آئے روز پی ٹی آئی کی منتخب حکومت کو بلیک میل کرتے رہے مگر جیسے ہی سازش کے تحت اقتدار میں آئے صرف اپنی کیسز کو ختم کرانے میں لگ گئے۔ پاکستان کی نہتی قوم کو ایک رائی کے دانے برابر بھی فائدہ نہیں دیا الٹا انہیں ہوشربا مہنگائی کی چکی میں ڈال دیا۔ حکومتی وزرا اور مشیروں کی اللے تللوں کی وجہ سے ملکی معیشت بالکل سکڑ چکی ہے ملک ڈیفالٹ کی (بقیہ نمبر 50)

پنجاب میں کسی جگہ یوریا کھاد کی کوئی قلت نہیں، ترجمان محکمہ زراعت

یوریا کھاد کی ذخیرہ اندوزی، بلیک مارکیٹنگ میں ملوث 150 افراد گرفتار

لاہور (این این آئی) محکمہ زراعت پنجاب کی طرف سے یوریا کھاد کی ذخیرہ اندوزی اور زیادہ قیمت پر فروخت کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے اور اس جرم میں ملوث افراد کے خلاف 439 ایف آئی آرز کا اندراج کروا دیا گیا۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق یوریا کھاد کی ذخیرہ اندوزی اور بلیک مارکیٹنگ میں ملوث 150 افراد گرفتار اور 5 کروڑ 57 لاکھ روپے سے زائد جرمانہ عائد کیے گئے۔ ترجمان کے مطابق صوبہ پنجاب میں کسی جگہ یوریا کھاد کی کوئی قلت نہیں ہے۔ صوبہ پنجاب میں ربیع 2022 کے دوران (بقیہ نمبر 40)

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 20 ہزار 100 کیوسک رہا

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورت حال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 20 ہزار 100 کیوسک اور اخراج 42 ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 8 ہزار 500 کیوسک اور اخراج 8 ہزار 500 کیوسک، خیرآباد پل آمد 16 ہزار 600 کیوسک، اخراج 16 ہزار 600 کیوسک، جہلم منگلا کے مقام پر آمد 7 ہزار 200 کیوسک اور اخراج 20 ہزار کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر (بقیہ نمبر 41)

لاہور میں منشیات بنانے، اسمگلنگ میں ملوث نجی دواساز کمپنی پکڑی گئی

50 کلو کیٹامائن اور 2 گاڑیاں قبضے میں لے لی گئیں، مالک تمام گروہ سمیت گرفتار

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس کی کارروائی کے دوران لاہور میں منشیات بنانے اور اسمگلنگ میں ملوث نجی دواساز کمپنی پکڑی گئی، کمپنی کے مالک کو تمام گروہ سمیت گرفتار کر کے 50 کلو کیٹامائن اور 2 گاڑیاں قبضے میں لے لی گئیں جبکہ اسلام آباد اور کراچی ایئرپورٹ پر بھی منشیات سمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق اے این ایف کی ملک بھر میں منشیات کے خلاف کامیاب کاروائیاں جاری ہیں اور ایک بڑی کارروائی کے دوران لاہور میں واقع نجی دواساز کمپنی منشیات بنانے اور سمگلنگ میں ملوث نکلی۔ کمپنی کے مالک کو تمام گروہ سمیت گرفتار کر لیا۔ کمپنی دیگر فارما کمپنیوں سے دواسازی کی آڑ میں کیٹامائن خرید کر منشیات بناتے اور سمگلرز کو بیچتے تھے۔ آپریشن کے دوران 50 کلو کیٹامائن اور 2 گاڑیاں بھی قبضے میں لے لی گئیں۔ دوسری جانب اے این ایف اور اے ایس ایف نے اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر مشترکہ کارروائی کر کے فلائٹ نمبر (بقیہ نمبر 44)

لاہور، پی ایچ اے کی جانب سے کینال روڈ گرین بیلٹ پر لگائے گئے پھولوں کا خوبصورت منظر

100 سے زائد مقدمات میں ریکارڈ یافتہ فیاض عرف ہتھوڑا ڈکیٹ ساتھیوں سمیت گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور میں لاری اڈہ سے فیاض عرف ہتھوڑا ڈکیٹ کو ساتھیوں سمیت گرفتار کر لیا گیا۔ لاری اڈہ پولیس نے کارروائی کر کے تین رکنی متحرک ڈکیت گینگ کو گرفتار کیا۔ ملزمان کے قبضہ سے ڈیڑھ لاکھ نقد رقم، 7 موبائل اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ ملزمان 100 سے زائد مقدمات میں ریکار (بقیہ نمبر 39)

سرگودھا، غیر قانونی سروس سٹیشنز، ناجائز تجاوزات کیخلاف کارروائی، پانچ سروس سٹیشنز سیل

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں غیر قانونی سروس اسٹیشنز اور ناجائز تجاوزات کے خلاف کارروائی میں پانچ سروس اسٹیشنز سیل، پختہ تجاوزات مسمار اور سامان ضبط کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اندرون شہر میں غیر قانونی سروس اسٹیشنز اور ناجائز تجاوزات کے خلاف کارپوریشن عملہ نے کاروائی کرتے ہوئے پانچ سروس اسٹیشنز کو سیل (بقیہ نمبر 38)

لاہور میں صفائی و ستھرائی کو پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کیمروں سے مانیٹر کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور میں صفائی و ستھرائی کو پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کیمروں کے ذریعے مانیٹر کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا، شہر بھر میں نصب سیف سٹی کیمروں کی مدد سے صفائی انتظامات اور عملے کی حاضری کو چیک کیا جائیگا۔ لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر علی عنان قمر نے وفد کے ہمراہ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا دورہ کیا۔ وفد میں ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ڈپٹی سی ای او سروسز، ڈپٹی سی ای او آپریشنز، (بقیہ نمبر 37)

سرگودھا، تھانہ کھنہ پولیس ٹیم کی کارروائی، بدنام زمانہ منشیات فروش گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ کھنہ پولیس ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے بدنام زمانہ منشیات فروش کو گرفتار کر کے 1035 گرام چرس اور وارداتوں میں استعمال ہونے والے اسلحہ پسٹل 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد کے خصوصی (بقیہ نمبر 34)

سٹی ڈویژن پولیس کا کریک ڈاؤن، 119 ملزمان گرفتار

مفرور اور ریکارڈ یافتہ 81 ملزمان گرفتار اور مختلف مقامات سے 9 منشیات فروش گرفتار کیے گئے

امن و امان کی صورتحال کو یقینی بنایا جا رہا ہے، جرائم کو کنٹرول کرنا اولین ترجیحات میں شامل ہے

لاہور (این این آئی) سٹی ڈویژن پولیس نے کریک ڈاؤن کر کے 24 گھنٹوں میں 119 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ اس حوالے سے ایس پی سٹی محمد سرفراز ورک نے بتایا کہ سنگین وارداتیں کرنے والے مفرور اور ریکارڈ یافتہ 81 ملزمان گرفتار اور مختلف مقامات سے 9 منشیات فروش گرفتار کیے گئے، ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں مالیت کی منشیات برآمد ہوئی۔ ہوائی فائرنگ غیر قانونی اسلحہ اور اسکی نمائش کر (بقیہ نمبر 42)

سرگودھا، محکمہ اینٹی کرپشن نے عوامی شکایات پر تمام سرکاری و پرائیویٹ ہسپتالوں میں قائم پارکنگ سٹینڈز پر کرپشن کی تحقیقات کا حکم دیدیا

سرگودھا (این این آئی) محکمہ اینٹی کرپشن نے عوامی شکایات پر ضلع بھر کے تمام سرکاری و پرائیویٹ ہسپتالوں میں قائم پارکنگ اسٹینڈز پر کرپشن کی فوری تحقیقات کا حکم دیتے ہوئے تمام پارکنگ اسٹینڈز کی تفصیلات طلب کر لیں۔ ذرائع کے مطابق ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن عاصمہ اعجاز چیمہ کو لوگوں نے شکایات درج کروائیں کہ سرگودھا (بقیہ نمبر 43)

24 گھنٹوں کے دوران ''پکار 15'' پر کل 2967 کالز موصول ہوئیں، 2372 فیک کالز تھی

اسلام آباد (این این آئی) گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ''پکار 15'' پر کل 2967 کالز موصول ہوئیں، جن میں سے 2372 فیک کالز تھی جو کہ کل کالز کا 80% ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس "پکار-15" کا وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں میں کلیدی کر (بقیہ نمبر 45)

اسلام آباد، 24 گھنٹوں کے دوران 15 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 15 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر لیے، ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ (بقیہ نمبر 46)

سرگودھا، قتل، خودکشی یا کچھ اور ☆☆☆☆

سرگودھا (این این آئی) قتل، خودکشی یا کچھ اور تھل کینال نہر سے نعش برآمد کر کے ہسپتال منتقل کر دی گئی، پولیس مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ بھکر میں قتل، خودکشی یا کھچہ اور تھل کینال نہر سے نعش برآمد کر کے (بقیہ نمبر 47)

برائلر گوشت اور فارمی انڈوں کے نرخ

لاہور (این این آئی) شہر میں پرچون سطح پر فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 2 روپے اضافے سے 425 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 1 روپے اضافے سے 283 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 1 روپے اضافے سے 262 روپے فی درجن کی سطح پر رہی۔

لاہور، 8 سالہ سگی بھانجی سے زیادتی کرنیوالا بدبخت ماموں گرفتار

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں 8 سالہ سگی بھانجی سے زیادتی کرنے والے بدبخت ماموں کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق گرین ٹاؤن آپریشنز و انوسٹی گیشنز پولیس نے مشترکہ کارروائی کر کے 25 سالہ ملزم عمر فاروق کو گرفتار کیا۔ ملزم 14 دسمبر کو گرین ٹاؤن کے علاقے میں اپنی بہن کے گھر آیا جہاں اس نے رات کے وقت بچی کو زیادتی کا نشانہ بنایا اور فرار ہو گیا تھا۔ پولیس کے مطابق ملزم کی گرفتاری جدید ٹیکنالوجی (بقیہ نمبر 49)

عوام کا اعتماد بحال کرنے کیلئے تھانہ کلچر کی تبدیلی بہت ضروری ہے، عثمان منیر سیفی

پولیس یونیفارم میں کسی کو حق حاصل نہیں عوام پر تشدد و ظلم زیادتی کرے

مریدکے (این این آئی) ایس پی انویسٹی گیشن شیخوپورہ عثمان منیر سیفی نے کہا ہے کہ پولیس عوام کی چوکیدار اور محافظ ہے حکومت عوام کے دئے ٹیکس سے تنخواہیں ادا کرتی ہے، تھانہ کلچر کی تبدیلی بہت ضروری ہے تاکہ عوام کا پولیس پر اعتماد بحال ہو۔ مریدکے مقامی ریسٹورنٹ میں ایس ایچ او سٹی مریدکے چوہدری افضال ڈوگر پاکستان نژاد امریکی (بقیہ نمبر 48)

آیان
عامر محمود 0311-5185882
فیاض احمد 0300-7817756
ووڈ ورکس اینڈ فرنیچر ہاؤس
ہمارے ہاں، کھڑکیاں، دروازے، اٹالین کچن الماریاں، ریلنگ، پیلنگ، فرنیچر اور لکڑی کا ہر قسم کا کام انتہائی مناسب ریٹ پر کیا جاتا ہے
نیز کوٹھیوں، مکانوں اور آفس فینسی سے فینسی کام تسلی بخش کیا جاتا ہے
ایک بار وزٹ ضرور کروائیں

ناصر CNG
اینڈ آٹو ورکشاپ